# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday the January 28, 2025
(345th Session)
Volume I, No. 08
(Nos. 01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| Volume I | SP.I (08)/2025 |
|---|---|
| No. 08 | 15 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran .... 1
2. Questions and Answers .... 2
3. Leave of Absence .... 20
4. Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Hidayatullah Khan, Chairman, Standing Committee on Narcotics Control on [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2024] .... 21
5. Introduction of [The Prevention of Smuggling of Migrants (Amendment) Bill, 2025] .... 22
6. Introduction of [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2025] .... 22
7. Introduction of the Emigration (Amendment) Bill,2025 .... 23
8. Consideration and Passage of The Digital Nation Pakistan Bill, 2025 .... 23
9. Consideration and passage of The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025 .... 31
    - Senator Syed Shibli Faraz .... 31
10. Calling Attention Notice moved by Senator M. Fesal Vawda regarding the financial implications of recent decision of FBR to procure 1010 vehicles for its field officers .... 42
    - Senator Muhammad Abdul Qadir .... 47
    - Senator Muhammad Fesal Vawda .... 48
    - Senator Azam Nazeer Tarar .... 49
11. Amendments to the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, moved under Rule 278 of the Rules of Procedure and Conduct of Businees in the Senate, 2012 .... 54
    - Senator Dost Muhammad Khan .... 55
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui .... 56

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday the January 28, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty five minutes past eleven in the morning with Mr. Acting Chairman (Senator Syedaal Khan) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَ
الْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ
حُطَامًا ؕ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾

ترجمہ: خوب سمجھ لو کہ اس دنیا والی زندگی کی حقیقت بس یہ ہے کہ وہ نام ہے کھیل کود کا، ظاہری سجاوٹ کا، تمہارے ایک دوسرے پر فخر جتانے کا اور مال اور اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنے کا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بارش جس سے اگنے والی چیزیں کسانوں کو بہت اچھی لگتی ہیں، پھر وہ اپنا زور دکھاتی ہے، پھر تم اس کو دیکھتے ہو کہ زرد پڑ گئی ہے، پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں (ایک تو) سخت عذاب ہے اور (دوسرے) اللہ کی طرف سے بخشش ہے اور خوشنودی اور دنیا والی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

سورۃ الحدید (آیت ۲۰)

جناب قائم مقام چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Order No. 2 وقفہ سوالات لیتے ہیں۔اب ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں۔

**Questions and Answers**

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔ سوال نمبر بتائیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! منسٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔ میرے خیال میں میرے سوال کو defer کر دیں۔ یہ بہت اہم سوال ہے۔ میرا یہ سوال Right of Way سے متعلق ہے۔ Last time بھی Minister of Law نے کہا تھا کہ منسٹر صاحبہ اس سوال کا جواب خود دیں گی۔ پچھلی مرتبہ بھی یہی stand تھا کہ منسٹر صاحبہ خود آ کر جواب دیں گی۔ یہ Public Importance کا سوال ہے تو اس کو defer کر دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اچھا۔ جی، منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): جناب چیئرمین! منسٹر صاحبہ نے آج ہاؤس میں آنا تھا۔ Unfortunately شزہ فاطمہ خواجہ کے سسر کا انتقال ہو گیا ہے۔ آج وہ لاہور میں ہے۔ آج ان کی دعا ہے۔ ویسے میں تیاری کرکے آیا تھا۔ آپ صحیح فرماتے ہیں۔ جامع جواب آجائے گا تو بہتر رہے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال نمبر ۲۷ کو مؤخر کیا جاتا ہے۔ سینیٹر قراۃ العین مری صاحبہ۔

*(Def.)* *Question No. 31 Senator Qurat-Ul-Ain Marri: Will the Minister for Aviation be pleased to state whether it is a fact that Day Care Centers are not available at all airports in Pakistan as required under Day Care Centers Act, 2023, if so, the reasons thereof indicating also steps taken or being taken to establish such facilities?

Khawaja Muhammad Asif: It is apprised that Day Care Center Facility at International Airports i.e. IIAP, Islamabad, AIIAP Lahore, MIAP Multan, FIAP Faisalabad and HQ PAA Karachi is available and functional. Whereas, establishment of similar facility at BKIAP Peshawar is under process. Remaining airports have also been

directed to arrange for the establishment of this facility on priority basis.

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال نمبر ۹۹، سینیٹر دوست محمد خان صاحب۔

*Question No. 99 Senator Dost Muhammad Khan: Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) whether it is a fact that there is water shortage issue in the Life Style apartments, G-13, if so details thereof; and

(b) whether it is also a fact that soil testing survey was not conducted before the start of the said project, if so, the reasons thereof and if conducted indicate details of such test along with dates and report?

Mian Riaz Hussain Pirzada: (a) It is a fact that there exists shortage of water issue in Sector G-13. Life Style Residency apartments project are located in sub-sector G-13/1 & G-13/14, where extensive studies with regard to hydrological investigations to install Tube wells for Life Style Residency project in sector G-13 were carried. It is also stated that soil testing surveys have been carried out before start of projects and during execution of work stages as per below details.

I. Before start of project, M/s NESPAK, Islamabad office have conducted detailed surveys of sector G-13 during July, 2011 with the objectives to assess the impact of construction of flats on water supply and Sanitary Sewerage of Sector G-13. As per M/s NESPAK feasibility study reports, the existing systems (both storage reservoirs and the network) are not capable to carry the loads of revised number of flats.

Hence, it had been suggested to lay an exclusively separate filling line from the CDA main to the flats.

II. Moreover, during execution of work, EHFPRO had further carried out two Electrical Resistivity Surveys for Hydrological investigations to install Tube wells for Life Style Residency apartments in sector G-13. Both survey reports conclude shortage of underground water to install permanent tube wells according to requirement of Life Style apartments and its water load vide:

a. Report of Dr. A. D Khan dated: Feb-2017.
b. Report of Dr. M. Gulraiz Akhtar Professor dated: July-2019.

III. It is further stated that Director (Maintenance), FGE Housing Authority had enquired from EHFPRO during August, 2022 about the requirement of water for Life Style Residency in order to prepare a separate PC-1 for Life Style Residency project and FGEHA existing and upcoming projects. Accordingly, EHFPRO had provided its requirement by mentioning that it is 0.92 MGPD for both projects on 11. 08. 2022.

IV. To resolve the issue of water supply of the sectors on permanent basis, FGE Housing Authority has decided to get one MGD water from CDA Shah Allah Ditta reservoir. With mutual understanding of CDA and FGEHA, PC-I of the project amounting to Rs. 354 million for missing portion connectivity of water supply line of Sector G-13/G-14 from CDA Shah Allah Ditta Reservoir has been approved and an amount of Rs.200 million in two transactions have been transferred to CDA. CDA has started the work, work assigned to three Contractors/Firms and progress of project is as under:

| S. No. | Name of Work & Contractor | Progress of Work |
|---|---|---|
| 1. | Providing / laying 48" Dia pipe at missing portions of sector D-12, E-12, Islamabad. **(M/S Hizbullah Khan & Sons)** | 75% |
| 2. | Providing / laying 36" dia pipe at missing portions of sector F-12, Islamabad. **(M/S RZS Construction Company)** | 33%payme nt made against material stocked at site. |
| 3. | Providing / laying 30" Dia pipe at mission portions of sector G-13 & G-14, Islamabad. **(M/S Al-Feroz & Sons)** | 82% |

As soon as work on said line completed. Water issues will relatively be addressed.

(b) Not true. A soil testing survey has been carried out before start of project during Dec, 2010. According to this report, the allowable bearing pressure of soil is 200 kpa or 1.8647 tons/sq.ft.

جناب قائم مقام چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟

سینیٹر دوست محمد خان: میں وزیر صاحب سے یہ پتا کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کنسٹرکشن کمپنی ہے یا کوئی اور کمپنی ہے۔ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ یہ منصوبہ کب شروع ہوا تھا اور کب ختم ہوگا۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر پیرزادہ صاحب۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ: جناب! انہوں نے پانی کے بارے میں سوال کیا ہے:

Whether it is a fact that there is water shortage issue in the Life Style apartments, G-13, if so details thereof;

ہم نے اس کی ساری تفصیل دے دی ہے۔ ان کے سوال کی جز نمبر (ب) ہے کہ:

Whether it is also a fact that a soil testing survey was not conducted before the start of the said project, if so, the reasons thereof and if conducted, indicate details of such test along with dates and report?

لہٰذا، ضمنی سوال میں تو وہ کچھ اور پوچھ رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، آپ سوال پوچھیں۔

سینیٹر دوست محمد خان: میں وزیر موصوف سے یہ پتا کرنا چاہتا ہوں کہ یہ منصوبہ کب تک مکمل ہوگا۔ اس کو تو کافی عرصہ ہوگیا ہے۔ مہربانی فرما کر اس کی completion date بتادیں۔ شکریہ۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ: جناب! انہوں نے پانی کا سوال کیا ہے اور یہ EHFPRO کی date پوچھ رہے ہیں تو اس وقت موجود نہیں ہے کیونکہ EHFPRO کا جو سارا سسٹم تھا، پچھلے عرصے میں فراڈ ہوئے، یہ ایک stalled project ہے اور اس کے ٹینڈرز اب ہم نئے سرے سے call کریں گے۔ جب ٹینڈرز ہو جائیں گے تو اس کے بعد ہی ہم کوئی completion date دے سکیں گے۔ .It is a stalled project پانی کے مسئلے کے حوالے سے تو انہوں نے کوئی سوال ہی نہیں کیا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میرا ایک سوال ہے کہ یہ جو EHFPRO کا اس میں ذکر کیا گیا ہے، منسٹر صاحب کو اور پوری حکومت کو پتا ہے، پچھلی چار پانچ حکومتیں جو بھی آئی ہیں، یہ اسکیم ایک total fraud تھا۔ جس طریقے سے شروع ہی میں اس اسکیم کا agreement کیا گیا، Housing department نے یہ agreement کیا اور ایک پرائیویٹ کمپنی کو جس کے پاس tourism کا certificate تھا، اس کو یہ construction project دیا گیا۔ اسی وجہ سے یہ کام ہو بھی نہیں پایا۔ آیا ان لوگوں کے یا management کے خلاف کوئی ایکشن لیا گیا ہے؟ ابھی EHFPRO کا status کیا ہے؟ ان لوگوں سے کام نہیں ہو رہا۔ یہ دو schemes

تھیں۔ ایک پلاٹ پر بلڈنگ چل رہی ہے جبکہ دوسرے پر ابھی تک کام شروع نہیں ہوا۔ ان کے خلاف حکومت نے ابھی تک کوئی ایکشن لیا ہے یا کوئی plan ہے؟

جناب قائم مقام چیئر مین: جی منسٹر صاحب۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ: ہم اس پر ایکشن لے رہے ہیں اور یہ کیس FIA کو بھی دیا ہے۔ سب کو پتا ہے یہ جو EHFPRO کا سارا سلسلہ تھا، اس میں خرابی ہوئی، پہلے ایک ٹھیکیدار آیا، اس نے sub-let کیا، سینیٹر صاحب بخوبی جانتے ہیں کیونکہ اس مسئلے میں ان کا کافی تجربہ ہے۔ ابھی تک جو ایکشن ہم نے لیا ہے، وہ یہ کیا ہے کہ اس سارے کو ہم نے ختم کر دیا ہے، notices دے دیے ہیں۔ اب بورڈ میٹنگ آئے گی تو اس میں decide ہوگا کہ اس کے جو نئے tenders call کرنے ہیں، ان کی شرائط کیا ہوں گی؟ للذا، اس کے لیے tenders call ہوں گے۔

جناب قائم مقام چیئر مین: سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: میرا بھی یہی سوال ہے کہ یہ صرف EHFPRO کا project نہیں ہے، اس کے علاوہ بھی وزارت ہاؤسنگ کے اور فیڈرل گورنمنٹ ہاؤسنگ اتھارٹی کے کئی projects ہیں جو بہت لمبے عرصے سے awarded ہیں لیکن وہ complete نہیں ہو رہے۔ جو نئے tenders ہیں، ان میں لوگ نہیں آ رہے۔ للذا، منسٹر صاحب سے درخواست ہے کہ کیا انہوں نے اس کی reasons تلاش کی ہیں کہ نئی parties کیوں نہیں آ رہی ہیں۔ جو منصوبے پانچ یا دس سال سے اگر stalled ہیں اور پھنسے ہوئے تو اس پر کوئی out of court یا کوئی ایسا solution نکالا ہے کہ وہ انہی کے دور میں مکمل ہوں اور حکومتی ملازمین کو اور جن لوگوں نے وہاں plots یا flats لیے ہیں، انہیں کب تک deliver کیا جا سکتا ہے؟ کوئی timeline ہے کیونکہ اگر تو یہ انہی کے اوپر چھوڑ دیا جائے جو لوگ انہیں delay یا خراب کر رہے ہیں تو وہ تو unlimited time کے لیے اس کو لمبا کرتے ہیں اور پھر کوئی نہ کوئی واقعہ ہو جاتا ہے، management change ہو جاتی ہے یا حکومت تبدیل ہو جاتی ہے۔ پھر نئی management اور نئی حکومت کو وہ نئی بات بتاتے ہیں۔ اسی طرح جو FIA کو cases, گئے ہیں، اگر ان کی بھی منسٹر صاحب خود کوئی monthly or quarterly, follow up لے رہے ہیں کیونکہ وہ سارے FIA cases, میں manage ہو کر لوگوں کو بغیر سزا کے معاف

کر دیا جاتا ہے۔ Ultimately حکومت کا نقصان ہوتا ہے اور جن لوگوں نے booking کی ہوتی ہے، ان کا نقصان ہوتا ہے۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ: جناب! شکریہ۔ فاضل رکن صحیح کہہ رہے ہیں، یہ سب stalled projects ہیں۔ ان شاء اللہ، within six months ہم ان سب پر کام شروع کر دیں گے۔ ان پر FIA کے cases تقریباً 43 ہیں۔ اس حوالے سے ہم خود FIA کے ساتھ meetings کرتے ہیں اور چاہ رہے ہیں کہ جلدی ان کو complete کریں۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ اس وقت یہ cases manage ہو گئے تھے لیکن جب سے میں آیا ہوں، ہم ان کو مکمل طریقے سے pursue کر رہے ہیں کیونکہ یہ جتنی خرابی ہوئی ہے، دس دس سالوں سے لوگ پیسے دے کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمارے ایک لاکھ چالیس ہزار ممبر ہیں، سرکاری ملازمین ہیں تو یہ projects, one by one اب شروع ہو رہے ہیں۔ سکائی گارڈن شروع ہو گیا ہے، next week میں ہم نے پرائم منسٹر صاحب سے time لیا ہے تو اس میں 2,600 میں سے 150 کے قریب پلاٹس تیار ہو گئے ہیں۔ ان کے کمرشل ایریاز کے کاغذات بھی دے دیے جائیں گے۔ یہ جو EHFPRO ہے، یہ سب سے زیادہ scandalous ہے۔ اس کے ٹینڈرز بھی ہم بورڈ میٹنگ کے بعد call کر لیں گے۔ یہ ٹینڈرز ضرور آئیں گے۔ پہلے جب میں آیا تو ہم نے ایک auction کرنے کے لیے date دی تو کوئی آدمی auction میں شامل ہی نہیں ہوا کیونکہ اس محکمے پر لوگوں کو اعتماد نہیں تھا اور اسی وجہ سے اس کی auction میں کوئی نہیں آیا۔ اب دوسری auction جب چھ مہینے بعد ہوئی تو اللہ کا کرم ہوا کہ ساڑھے آٹھ ارب روپے کی ایک auction ہو گئی، کراچی میں جو ہم ساٹھ یا ستر کروڑ سوچ رہے تھے، وہاں ہماری ڈیڑھ ارب کی auction ہوئی۔ اب لوگوں کا اعتماد آہستہ آہستہ بحال ہو رہا ہے۔ PHA میں جو لوگوں کے فلیٹس تھے، ہم انہیں ان کے کاغذات دے رہے ہیں۔ میں نے ایک جگہ خود جا کر PHA کے apartments hand over کیے ہیں۔ ان شاء اللہ، اس سال کے دسمبر تک ہم کوشش کریں گے، جیسے جیسے اعتماد بحال ہو رہا ہے، تقریباً کافی projects میں لوگوں کو سہولت دیں گے۔ پہلے لوگ قسطیں نہیں دے رہے تھے کیونکہ اعتماد نہیں تھا۔ اب قسطیں بھی آنی شروع ہو گئی ہیں اور کچھ projects میں ہم JVs کر رہے ہیں۔ پرائم منسٹر

صاحب اب خود اسے lead کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ، اس سال کے آخر تک اس محکمے کا پتا چلے گا کہ یہ deliver کر رہا ہے۔

**جناب قائم مقام چیئر مین:** اگلا سوال، سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔

*Question No. 100 Senator Falak Naz: Will the Minister for Aviation be pleased to state whether it is a fact that flight from Islamabad to Chitral (to and from) are not operational, if so, details thereof also indicating when such flights will resume?

Khawaja Muhammad Asif: Chitral Airport is fully operational, but its runway can only accommodate ATR aircraft.

PIACL is the sole operator of these aircraft on the Islamabad-Chitral-Islamabad route. PIACL has temporarily suspended flights due to fleet constraints. PIACL currently has 3xATR42 aircraft out of which 1 is grounded.

Currently, spare parts are not available in the market. PIACL will resume its flights on Islamabad-Chitral-Islamabad route as soon as ATR aircraft is recovered.

**جناب قائم مقام چیئر مین:** کوئی ضمنی سوال؟

**سینیٹر فلک ناز:** جناب! اسلام آباد سے چترال، پچھلے ایک سال سے فلائیٹ معطل کی گئی ہے۔ پہلے پشاور سے بھی فلائیٹ ہوتی تھی، وہ بھی معطل ہے۔ منسٹر صاحب سے میرا سوال یہ ہے کہ چترال کی فلائیٹ معطل کیوں ہے؟ آپ لوگوں کو پتا ہے کہ چترال ایک tourist hub ہے اور پاکستان کے ساتھ ساتھ پوری دنیا سے سیاح چترال آتے ہیں۔ آج کل آپ کو پتا ہے کہ سردیوں کا موسم ہے۔ جب سردیوں کا موسم ہوتا ہے، دسمبر سے لے کر مارچ تک، برفباری کی وجہ سے لواری ٹاپ کی ٹنل بند ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے مریضوں کو اور چترالی عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ میں نے اس کے متعلقہ منسٹر صاحب سے بھی پہلے بات کرنے کی کوشش کی تھی لیکن انہوں نے میرے سوال کا کوئی جواب نہیں دیا۔ پھر میں نے PIA کے چیف ایگزیکٹو سے بھی رابطہ کیا تو انہوں

نے مجھے بتایا کہ ATR جہاز ایک ہی ہے اور وہ تربت جاتا ہے اور سکردو جاتا ہے، اسی لیے ہمارے پاس جہاز نہیں ہے۔ میں پوچھتی ہوں کہ کیا چترال اس ملک کا حصہ نہیں ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ اپنا سوال پوچھیں۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! یہ ضروری سوال ہے کیونکہ چترال کے لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آج کل سردی ہے۔ چترال کے لوگ سراپا احتجاج ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ چترال کی سڑکوں کی حالت ایسی ہے کہ اگر ایک دفعہ tourists وہاں جاتے ہیں تو دوبارہ وہاں واپس جانے کا نام ہی نہیں لیتے تو مجھے بتایا جائے کہ چترال کے لئے flights دوبارہ کب شروع کی جائیں گی؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف (وزیر برائے ہوابازی): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! اس وقت چترال کا ائیر پورٹ fully operational ہے۔ چونکہ وہاں صرف ATR ہی جا سکتا ہے تو اس وقت ہمارے ساتھ تین ATR ہیں جس میں دو operational اور ایک grounded ہے۔ ہماری پوری commitment ہے کہ چترال اور ملک کے دیگر صوبوں جس میں بلوچستان، خیبر پختونخوا اور سندھ کے far flung areas ہیں اور ان کے جو ائیر پورٹ ہیں، ہم ان سب کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ Obviously, PIA بھی revamp ہو رہی ہے۔ ایک لمبے عرصے تک PIA کے جو حالات رہے، وہ قوم کے سامنے ہیں۔ بعض دوسری airlines نے بھی ہمیں approach کیا ہے کہ وہ صرف ایسے چھوٹے routes پر operate کریں گے۔ ہماری ان کے ساتھ negotiations جاری ہیں۔ ان شاء اللہ چترال اور اس کے علاوہ جتنے چھوٹے stations ہیں، وہاں پر رونق لگے گی اور جہاز آنا، جانا شروع ہو جائیں گے لیکن ابھی جو ہم اس phase سے گزر رہے ہیں، میں کوئی حتمی schedule نہیں دے سکتا۔ آنے والے دنوں میں چترال اور Northern areas جہاں پر ائیر پورٹ بنے ہوئے ہیں، وہاں regular flights operational ہو جائیں گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی سینیٹر صاحبہ۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! مجھے کوئی مثبت جواب نہیں ملا کیونکہ یہ ایک بہت بڑا issue ہے۔ میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اسے متعلقہ کمیٹی میں بھیجا جائے۔

جناب قائم مقام چیئر مین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: جناب! اگر سینیٹر صاحبہ میرے جواب سے مطمئن نہیں ہیں تو as of today جو situation ہے، میں نے وہ explain کر دی ہے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئر مین: سینیٹر صاحبہ آپ منسٹر صاحب کو جواب دینے دیں۔

خواجہ محمد آصف: میں کوئی انکار تو نہیں کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئر مین: سینیٹر صاحبہ آپ نے سوال پوچھ لیا۔ اب منسٹر صاحب کو جواب دینے دیں۔ ایوان کو rules کے مطابق چلنے دیں۔

خواجہ محمد آصف: سینیٹر صاحبہ دوبارہ اپنا سوال پوچھ لیں۔

جناب قائم مقام چیئر مین: جی فلک ناز صاحبہ۔

سینیٹر فلک ناز: میرا سوال یہی ہے کہ چترال کے عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ آج کل برفباری کی وجہ سے روڈ بند ہیں۔ چترال کے عوام سراپا احتجاج ہیں۔ میں کہتی ہوں کہ وہاں emergency بنیاد پر flights بحال کی جائیں۔

جناب قائم مقام چیئر مین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: میں اپنا جواب repeat کر دیتا ہوں۔ چترال کے ایئر پورٹ پر صرف ATR operate کر سکتے ہیں۔ ان میں سے دو operate کر رہے ہیں اور ایک grounded ہے۔ ہم اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ نئے جہاز خریدیں اور اگر نئے نہیں تو پرانے ہی مل جائیں۔ اس سے چترال کے عوام کی مشکلات کو سو فیصد حل کیا جائے گا۔

جناب قائم مقام چیئر مین: جی سینیٹر شاہزیب درانی۔ آپ کا ضمنی سوال کیا ہے؟

سینیٹر شاہزیب درانی: جناب! میرا منسٹر صاحب سے یہ سوال ہے کہ knowing the fact that ATR is an obsolete aircraft اور چترال ہمارا ایک tourist destination ہے۔ ہمارے باقی airlines کے ساتھ ATR نہیں ہیں۔ اس aircraft پر زیادہ سوچنے سے بہتر نہیں کہ ہم چترال کے runway کو بہتر بنائیں جس سے باقی aircraft

جیسے A320 اور جو دوسرے jets ہیں، وہ وہاں land کر سکیں۔ اگر منسٹر صاحب اس طرف توجہ دیں تو.I think that is a very good opportunity

جناب قائم مقام چیئر مین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: یہ possibility دیکھی جا سکتی ہے کہ اس کے علاوہ وہاں اور کون سے جہاز land کر سکتے ہیں۔ Definitely ہمارے Northern areas کی جو terrain ہے، وہ بڑے جہازوں کو operate کرنے سے inhibit کرتی ہے۔ اگر ایسی کوئی تجویز ہوئی تو میں دوبارہ آپ کے سوال کا جواب دینے کے لئے تیار ہوں گا کہ ہمارے fleet میں دوسرے اور کون، کون سے جہاز induct کئے جا سکتے ہیں جو ان destinations پر operate کر سکیں۔ میں پھر کہوں گا کہ اس وقت ہمارے پاس دو، تین private airlines کی applications آئی ہیں اور وہ process ہو رہی ہیں جو صرف چھوٹے airports پر operate کریں گی اور بڑے airports پر نہیں کر سکیں گی۔ ہماری یہ negotiations جاری ہیں۔

جناب قائم مقام چیئر مین: آخری ضمنی سوال۔ جی سینیٹر سیف اللہ ابڑو۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ ہم ایک ایٹمی ملک ہیں اور ہمارے پاس تین ATR ہیں جن میں سے ایک ground ہو چکا ہے اور الحمد للہ اس کے spare parts market میں available نہیں ہیں۔ اس سے زیادہ ملک کے ساتھ اور کیا ہو سکتا ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ سندھ میں تین airports ہیں جن میں خصوصاً موہن جو داڑو ائیر پورٹ لاڑکانہ شامل ہے۔ وہاں پہلے flights چلتی تھیں لیکن تقریباً سات، آٹھ سال سے یہ suspended ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ اگر ایک پارٹی جو سندھ سے تعلق رکھتی ہے اور جو اس سے پہلے وفاقی حکومت میں تھی اور ابھی بھی ہے، اس کے آنے سے flights چل جاتی تھیں لیکن ابھی جو sitting Government ہے، اس کے آنے سے یہ flights بند ہو جاتی ہیں اور ان کے پچھلے دور میں بھی یہی ہوا۔ میرا سوال یہ ہے کہ موہن جو داڑو لاڑکانہ کے لئے flights کب start ہوں گی؟ جہاں تک PIA کی revamping کا سوال ہے تو ماشاء اللہ یہ دیکھا گیا کہ Blue World City جو ایک estate agency تھی، اس نے بولی میں حصہ لیا اور اسی ایک کمپنی کو qualify کیا گیا۔

اس نے PIA خریدنے کے لئے دس ارب روپے کی bid دی۔ اگر PIA نہیں چل پارہی تو یہاں بہت سارے ایسے لوگ ہیں جنہیں وہ مفت میں دی جائے۔

Mr. Acting Chairman: Senator Aimal Wali Khan! Order in the House, please.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: پتا ہی نہیں چلتا کہ آپ کیسے ایوان کو چلا رہے ہیں۔ جب سینیٹر فلک ناز صاحبہ بات کرنا چاہ رہی تھیں تو آپ نے بات کرنے نہیں دیا۔ جب ایوان میں ایسے لوگ بات کرتے ہیں۔۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں نے انہیں order in the House کہا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ کا غصہ صرف PTI کے سینیٹرز پر اترتا ہے اور کسی اور پر نہیں اترتا۔ آپ House کے custodian ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں نے سینیٹر ایمل ولی خان کو order in the House کہا۔ کیا آپ نے اس وقت میری بات نہیں سنی؟

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میرا سوال یہ ہے کہ اگر ATR کے spare parts نہیں ہیں تو ہم اسے Blue World City سے نہیں منگوا سکتے؟ ویسے بھی ہم اسے PIA دس ارب روپے میں دے رہے تھے۔ وہ بھی دس ارب روپے نہیں دے رہا تھا بلکہ کہہ رہا تھا کہ میرے plots خریدیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ اپنا سوال پوچھیں۔ آگے اور بھی business ہے، اسے بھی چلانا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: یہی تو میرا سوال ہے۔ جو چیز مجھے جیسے سمجھ آئے گی، میں اسی طرح سوال پوچھوں گا۔ میں آپ کے کہنے پر نہیں بلکہ اپنی مرضی سے سوال پوچھوں گا۔ میرا سوال یہ ہے کہ ATR کے spare parts کب تک خریدے جائیں گے جس سے یہ ایک functional ATR بن جائے گا اور چترال اور موہن جوداڑو لاڑکانہ ایئرپورٹ پر flights کب شروع ہوں گی، ان کی کوئی time limit دی جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: جناب! میں معذرت خواہ ہوں کہ مجھے سینیٹر صاحب کے سوال کی کچھ بھی سمجھ نہیں آئی کہ وہ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ اگر کوئی specific سوال پوچھیں جو میری سمجھ میں بھی آئے تو میں اس کا جواب دے کر ان کی ضرور تسلی کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ابڑو صاحب دوبارہ سوال پوچھیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میرا سوال بہت سادہ ہے۔ سوال کے جواب میں لکھا گیا ہے کہ ہمارے پاس تین ATR ہیں جن میں سے ایک ground ہو چکا ہے۔ مزید لکھا گیا ہے کہ اس کے spare parts market میں available نہیں ہیں تو اس کے spare parts کب آئیں گے تاکہ تیسرا ATR functional ہو سکے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ جیسے میری بہن سینیٹر فلک ناز صاحبہ نے پوچھا کہ چترال ائیر پورٹ کب functional ہوگا اور میں یہ بھی پوچھوں گا کہ موہن جوداڑو لاڑکانہ ائیر پورٹ کب functional ہوگا؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: دیکھیں جو factual position ہے، وہ میں نے بیان کر دی ہے۔ جب PIA پر ban لگا تو پچھلے کچھ سالوں سے جو lucrative routes تھے، وہ ہم پر بند کئے گئے جن میں UK and European airports شامل ہیں۔ اب وہ آہستہ، آہستہ کھل رہے ہیں۔ آج بھی audit ہو رہا ہے اور UK کی ایک ٹیم آئی ہوئی ہے۔ جس میں UK کے route کے بھی کھلنے کا امکان ہے۔ ہم ایک transition میں ہیں۔ اس میں اراکین جو توقعات ظاہر کر رہے ہیں، وہ اس وقت فوری طور پر پوری نہیں ہو سکتیں لیکن ہم پورے Aviation sector کو revamp کر رہے ہیں۔ اس میں نئے جہاز بھی آئیں گے، اس میں چھوٹے جہاز بھی آئیں گے جو چھوٹے airports پر جاتے ہیں بلکہ ہم ان routes کو subsidies کریں گے تاکہ لوگ air travel afford کر سکیں۔

جہاں تک انہوں نے موہن جوداڑو کی بات کی ہے یا سندھ میں دوسرے airports ہیں، ان شاءاللہ سب پر جہاز چلیں گے۔ اس وقت ہمارے چھوٹے بڑے 25-30 airports ہیں، وہ یا تو dysfunctional ہوئے ہیں، airports ٹھیک ہیں، operational ہیں لیکن ان پر flights نہیں جا رہی ہیں۔ چترال اور موہن جوداڑو کے حوالے سے اراکین کا اعتراض بالکل

درست ہے لیکن تھوڑا وقت چاہیے، یہ airline ویسے بھی privatization process میں ہے۔ ایک attempt already fail ہو چکا ہے، دوسرے attempt میں جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اللہ کرے کہ یہ transaction complete ہو جائے۔ اس کے علاوہ بھی اس کو supplement کرنے کے لیے چھوٹی airlines کو اجازت دی جا رہی ہے تاکہ پاکستان کے تمام airports functional ہو سکیں تب ہی کاروبار چل سکے گا۔ شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: Question No. 101, Senator Mohsin Aziz Sahib. Senator Mohsin Aziz Sahib. Senator Mohsin Aziz Sahib.

موجود نہیں ہیں۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

*Question No. 101 Senator Mohsin Aziz: Will the Minister for Information Technology and Telecommunications be pleased to state the year-wise details of IT exports, indicating also any decrease in the such exports and reasons thereof?

Ms. Shaza Fatima Khawaja: Pakistan’s IT & IT-enabled Services (ITeS) sector is making significant contribution to exports and foreign exchange earnings. During FY 24, ICT exports remittances inflow surged to US$ 3.223 billion, the highest among all Services at 41.3% of total export of services.

Trade surplus of US$ 2.827 billion (87.71% of total ICT export remittances) was delivered by the ICT Industry during FY 2023-24 to meet the foreign currency crunch faced by the country at the time, an increase of 22.31% as compared to trade surplus of US$ 2.297 billion during the previous FY 2022-23. In comparison, the Services sector had recorded a trade deficit of US$ 2.313 billion during FY 2023-24.

Over that past 5 years, Pakistan's IT & ITeS exports have achieved a compound annual growth rate (CAGR) of over 22%, the highest growth rate in comparison to all other local industries in Services. Pakistan's ICT export figures as reported by SBP are as under:

| Financial Year | IT Remittances (US$)-Billions |
|---|---|
| 2019-20 | 1.440 |
| 2020-21 | 2.108 |
| 2021-22 | 2.619 |
| 2022-23 | 2.596 |
| 2023-24 | 3.223 |

MoITT is extending maximum support to IT Industry and accordingly all possible steps are being taken to facilitate industry growth and implement industry confidence building measure, the sector's potential and is implementing policies to foster growth, including tax incentives and infrastructure development.

This effectiveness of the government measures is evident from a stellar 24% increase in exports. In comparison to IT & ITeS export remittances of US$ 2.596 billion during the 2022-23, the export remittances in FY 2023-24 surged by US$ 627 million, an increase of 24.15%. Furthermore, ICT delivered the largest trade surplus across all Services sector in Pakistan's economy during FY 2023-24.

Pakistan's ICT exports remittances inflow contributed over 10.5% to Pakistan's export's value during FY 2023-24. It is worth noting that Pakistan total exports grew by 10.5% during FY 2023 24 while Pakistan's ICT exports grew by over 24% during the same

period thus signifying the increasing importance of Pakistan’s ICT industry in the economy.

The increase in ICT exports underscores the government’s commitment to enhancing the IT landscape, supported by strategic initiatives aimed at fostering innovation, improving; infrastructure, and facilitating ease of doing business within the sector. This is evident by stellar growth in ICT exports during the first half of FY 2024-25 (July-Dec) as ICT export remittances surged by a significant 28%, reaching US$ 1.86 billion (1,864 million), compared to US$ 1.45. billion (1,456 million) in the same period last year (FY 2023-24).

In Dec 2024, the remittances from ICT services export amounted to US$ 348 million, a 14.8% increase over US$ 303 million in Dec 2023. ICT exports increased by 12.2% over the last month (Nov 2024) in which remittances were US$ 310 million.

This robust performance underscores the growing significance of the ICT sector in Pakistan’s economic landscape.

MoITT’s comprehensive approach integrates workforce development, modern infrastructure business-friendly policies, and aggressive global marketing. These initiatives, combined with strong milestones, are set to position Pakistan as a thriving player in the global IT landscape achieving sustainable growth and increased exports.

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال نمبر ۱۰۲، سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

*Question No. 102 Senator Kamran Murtaza: Will the Minister for Aviation be pleased to state whether it is a fact that PIA has commenced International flight

operations on certain routes which were previously non-operational, if so, details of new routes indicating also the duration for which said routes remained non-operational?

Khawaja Muhammad Asif: PIA has recently resumed flight operation to different International routes, following the availability of aircraft and lifting of the EASA ban. Details of resumption of routes are attached at **Annex-I.**

<u>Annex-I</u>

| Route | Date of Suspended | Date of Resumption | Non-Operation Duration | Aircraft | Reason |
|---|---|---|---|---|---|
| Islamabad - Paris – Islamabad | Jul-20 | Jan-25 | 4 Years & 5 Months | B-777 | EASA Ban |
| Turbat-Sharjah-Turbat | Aug-24 | Jan-25 | 4 Months | ATR-42 | Lack of availability of fleet and commercial viability |
| Turbat- Al Ain-Turbat | Jul-24 | Jan-25 | 5 Months | ATR-42 | |
| Gwadar - Muscat – Gwadar | Nov-23 | Jan-25 | 1 Year & 1 Month | ATR-42 | |
| Quetta - Jeddah – Quetta | Mar-21 | Aug-24 | 3 Years & 4 Months | A-320 | |
| Faisalabad - Jeddah – Faisalabad | Mar-21 | Aug-24 | 3 Years & 4 Months | A-320 | |
| Faisalabad - Madina – Faisalabad | Mar-21 | Aug-24 | 3 Years & 4 Months | A-320 | |
| Lahore - Kuwait – Lahore | May-24 | Jan25 | 7 Months | A-320 | |

جناب قائم مقام چیئرمین: جی آپ کا کوئی ضمنی سوال ہے؟

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب! اصل میں جو سوال کیا گیا تھا، اس کے تین حصے تھے۔ پہلے حصے کا جواب تو آیا ہے مگر باقی دو حصوں کا جواب نہیں آیا ہے۔ سوال کا دوسرا حصہ یہ تھا بلکہ سوال لکھا بھی نہیں گیا ہے۔ آپ دفتر سے یہ پوچھیں کہ یہ بتایا جائے کہ گوادر سے مسقط کی flight اور اسی طرح پیرس سے اسلام آباد کی flight کا دورانیہ کتنا ہے اور اس کے ساتھ جو connected تھا، وہ یہ

ہے کہ کیا یہ درست ہے کہ آج مورخہ 24 جنوری کے لیے گوادر سے مسقط کے لیے پی آئی اے کی بکنگ کروائی جائے تو کرایہ 84,000 روپے ہے جبکہ پیرس سے اسلام آباد کا کرایہ 110,000 روپے ہے۔ مجھے سمجھ میں نہیں آیا کہ گوادر سے مسقط کتنا فاصلہ ہے جو اس کی بکنگ 84,000 روپے میں ہو رہی ہےاور اس سوال کو اِدھر سے نکال دیا گیاہے، یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ یہ سوال کیااسی لیے گیاتھاکہ گوادر اور مسقط کے فاصلے کو معلوم کیا جائے، اس کی duration کا بتایاجائے، پھر اس کے کرایے کو پیرس اور اسلام آباد کے ساتھ compare کیاجائے۔ میرا خیال ہے کہ پیرس جانا زیادہ دوستوں کو عزیز ہے، گوادر سے مسقط جانا کم عزیز ہے۔ اس لیے سوال کو بھی بیچ میں سے غائب کر دیا گیاہے۔ جناب! یہ زیادتی ہے۔ یا تو سوال کو پورالایاجائےاور پوراجواب لیا جائے ورنہ اس سوال کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

خواجہ محمد آصف: بہت شکریہ۔ گوادر سے flights resume ہو گئی ہیں۔ تقریباً دس، بارہ دن پہلے وہاں پر ایئرپورٹ کا افتتاح ہوا۔ وہاں سے Gulf کے مختلف destinations کے لیےان شاء اللہ تعالیٰ flights operational ہوجائیں گی۔ میرا خیال ہے کہ ایک flight شارجہ گئی ہے، I am not sure about it. لیکن ایک اور سوال کے جواب میں یہ لکھاہواہے۔ کرایے کا comparison کیونکہ سوال میں بھی نہیں لکھا ہوا ہے۔ محترم سینیٹر صاحب درست فرما رہے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

خواجہ محمد آصف: براہ مہربانی مجھے موقع دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: پہلے جواب لیں۔ جی۔

خواجہ محمد آصف: میں آپ کی تسلی کروں گا، فکر نہ کریں۔ یہ میں ضرور inquire کروں گا کہ یہاں پر یہ پورا سوال کیوں نہیں ہے اور کیوں اس کا جواب نامکمل دیا گیاہے۔ ان شاءاللہ I will get the details. سوال کی پوری تفصیل لوں گا، کرایہ اور فاصلے کا کہ اس میں کیوں ایک anomaly ہے۔ اس وقت میرے پاس معلومات نہیں ہیں۔ میں آپ سے وقت مانگتاہوں اور پھر کسی وقت ایوان میں آپ مجھے بلا لیجیے گا، میں جواب دے دوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! اس سوال اور اس جواب کو pend کرلیں۔ اگر آج session prorogue ہو رہا ہے تو پھر اگلے اجلاس کے لیے اسے رکھ لیجیے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں، وہ مؤخر ہو گیا، اس پر ضمنی سوال نہیں ہو سکتا۔

**[1]Un-starred Question**

Question No. 5 Senator Hidayatullah Khan: Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state details of Grade 19 and 20 officers belonging to the Pakistan Administrative Service posted in Punjab, indicating their names, designation, and tenure of posting during the last 5 years with year wise breakdown?

Mr. Ahad Khan Cheema: The requisite information in respect of PAS officers in BS-19 & 20 posted in Punjab during the last 5 years is attached at Annex-I.

*(Annexures has been placed in Library and on the Table of the mover/ concerned Member)*

جناب قائم مقام چیئرمین: ابھی چھٹی کی درخواستیں لیتے ہیں۔

**Leave of Absence**

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 14 اور 15 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

[1] *[Remaining un-starred question is placed on the Table of the House, as ordered by theChair]*

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر مورخہ 17 اور 20 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر انوشہ رحمٰن احمد خان صاحبہ نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 17 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر ناصر عباس صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر مورخہ 15 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ نے ناسازی طبیعت کی بناپر مورخہ 16, 17 اور 20 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Acting Chairman: Order No. 3. Senator Hidayatullah Khan, Chairman, Standing Committee on Narcotics Control, please move Order No. 3.

**<u>Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Hidayatullah Khan, Chairman, Standing Committee on Narcotics Control on [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2024]</u>**

Senator Hidayatullah Khan: Thank you Mr. Chairman. I would like to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Mohsin Aziz, on 2$^{nd}$ September, 2024, may be

extended for a period of sixty days with effect from 24th January, 2025.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Acting Chairman: Order No. 4. Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior. On his behalf Tarar Sahib, please move Order No. 4.

**Introduction of [The Prevention of Smuggling of Migrants (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, on behalf of Minister for Interior, I wish to introduce a Bill further to amend the Prevention of Smuggling of Migrants Act, 2018 [The Prevention of Smuggling of Migrants (Amendment) Bill, 2025].

جناب قائم مقام چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

Order No. 5. Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior. On his behalf Tarar Sahib, please move Order No. 5.

**Introduction of [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Mr. Chairman, on behalf of Minister for Interior, I wish to introduce a Bill further to amend the Prevention of Trafficking in Persons Act, 2018 [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2025].

جناب قائم مقام چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

Order No. 6. Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior. On his behalf Tarar Sahib, please move Order No. 6.

**Introduction of the Emigration (Amendment) Bill,2025**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! یہ set of Amendments ہیں، یہ کمیٹی میں جا رہا ہے، میں تھوڑا ایوان کو بتا دوں کہ جو ہمارے کافی عرصے سے unfortunate incidents ہو رہے ہیں۔ Boat incidents جس میں پاکستانیوں کی جانیں گئی ہیں۔ Prime Minister Sahib نے اس پر special task force بنائی، Cabinet Sub-Committee بنائی اور یہ وہ amendments ہیں جو قوانین میں کوئی lacunas ہیں ان کو دور کرنے کے لیے اور ان کی سزاؤں کو یقینی بنانے کے لیے ہیں، تو یہ پورا set ہے۔

So, I on behalf of Minister for Interior wish to introduce a Bill further to amend the Emigration Ordinance, 1979 [The Emigration (Amendment) Bill, 2025.]

جناب قائم مقام چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔ Order No. 7. Ms. Shaza Fatima Khawaja, Minister of State for Information Technology and Telecommunication, Order No. 7 پیش کریں یا ان کے behalf پر آپ پیش کریں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: Business کے دوران بات نہیں کر سکتے، Rule 41 کے مطابق آپ نہیں کر سکتے۔

**Consideration and Passage of The Digital Nation Pakistan Bill, 2025**

Senator Azam Nazeer Tarar: I on behalf of Minister of State for Information Technology and Telecommunication, move that the Bill to provide for the

transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance, [The Digital Nation Pakistan Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب قائم مقام چیئرمین: کسی کو اس پر اعتراض ہے، کیا اس کی مخالفت کی جاتی ہے ؟ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Senator Azam Nazeer Tarar: I on behalf of Minister for Information Technology and Telecommunication, wish to move that the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance. The Digital Nation Pakistan Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک کو ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ Second reading of the Bill. شق 2 تا 6 میں کوئی ترمیم نہیں ہے۔ لہٰذا میں ان کو ایوان کے سامنے ایک سوال کے طور پر رکھتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق 2 تا 6 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 2 تا 6 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 7 جو کامران مرتضیٰ صاحب کے نام سے ترمیم ہوئی ہے۔ کامران صاحب براہ مہربانی ترمیم پیش کریں۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین نے احتجاج کیا)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! Digital Nation Pakistan Bill پر میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ یہ صوبوں کی domain میں enter ہو رہا ہے، اس کو as a whole reject کریں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: مجھے سب پتا ہے، جی کامران مرتضٰی صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب والا! اس Bill پر میرے چار اعتراضات ہیں،۔پہلا یہ ہے کہ یہ صوبوں کی domain میں enter ہو رہا ہے، یہ as a whole اعتراض ہے۔اس کے بعد Section 7 میں میری amendment ہے۔ Section 7 میں two additional members کی بات کی گئی ہے۔دو members کی جگہ پر چار members لیے جائیں اور یہ چار members ہر صوبے کی طرف سے۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: بالکل Rules کے مطابق سب کچھ چل رہا ہے۔ جی کامران مرتضٰی صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: اس میں صوبوں کی نمائندگی نہیں ہے، آپ صوبوں کے اختیارات لے رہے ہیں۔ صوبوں کو اس طرح سے۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: براہ مہربانی اپنی نشستوں پر بیٹھیں۔ Order in the House.

سینیٹر کامران مرتضٰی: آپ ہر جگہ پر صوبوں کا حق لے رہے ہیں، آپ غلط کر رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: مہربانی کرکے آپ سب لوگ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: ہاں والوں کی تعداد زیادہ تھی، میں نے پاس کر دیا۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: جی کامران مرتضٰی صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب والا! میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ Provincial Autonomy میں interference ہے، یہ صوبوں کے اختیار میں مداخلت ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ لوگ بیٹھیں گے تو بات ہو گی۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئر مین: جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں amendments move کر رہا ہوں۔ I hereby move the following amendments in the Digital Nation Pakistan Bill, 2025. Apart from the objections, the proposed Act is also related to devolved subjects. جناب! یہ صوبوں کے حقوق میں مداخلت ہے، آپ Provincial Autonomy میں مداخلت کر رہے ہیں، یہ پہلی بات ہے۔ پھر اس کے بعد Section 7 میں ایک chairperson دے رہے ہیں اور ساتھ دو اضافی members دے رہے ہیں۔ یہ صوبوں کے ساتھ ظلم اور زیادتی ہے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئر مین: سیف اللہ صاحب اور فلک ناز صاحبہ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں، ایوان کو چلنے دیں۔

(مداخلت)

(اس موقع پر اپوزیشن کے کچھ اراکین نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: آپ نے اس کو مقدس گائے بنا دیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئر مین: وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: بہت شکریہ، جناب چیئر مین! پہلی بات تو یہ ہے کہ اس وقت Digital Nation Bill چل رہا ہے۔ PECA Bill ابھی take-up نہیں ہوا اور Digital Nation Pakistan کے اغراض و مقاصد جو ہیں، ہم نئے زمانے سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اس پورے نظام کو digitized کر رہے ہیں اور اس کو National Assembly and Senate Standing Committee نے unanimously pass کیا ہے۔ آپ بغیر پڑھے بات کر رہے ہیں اور چیزوں کو کہیں اور لے کر جا رہے ہیں۔ ابھی تو PECA Act پر amendments آئی ہی نہیں ہیں۔ میں item No. 7 کی بات کر رہا ہوں آپ اس کی reading کر رہے ہیں۔ سوال گندم ہے اور جواب چنا دے رہے ہیں اور یہی ان کی سنجیدگی ہے یہ بات نہیں کرنا چاہتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جب تک آپ اپنی نشستوں پر نہیں بیٹھیں گے تو کسی کو موقع نہیں ملے گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ان سے یہ پوچھیں کہ جب یہ Bill Standing Committee میں گئے تھے اور وہاں جو meeting ہوئی تھی تو یہ لوگ کہاں تھے؟ کامران مرتضیٰ صاحب! جنہوں نے جانا تھا وہ تو special invitee کے طور پر amendments دے کے چلے گئے۔

Where were you at that time when it was being discussed in the Standing Committee.

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: سیف اللہ صاحب، آپ تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ اس کو dictate نہ کریں۔ So, I oppose these amendments, میں ان amendments کو oppose کرتا ہوں۔ Motion پیش کیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں ترمیم کو ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(ترمیم مسترد کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: ترمیم مسترد کی جاتی ہے۔سوال یہ ہے کہ شق 7 کو اصل صورت میں Bill کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 7 کو اصل صورت میں Bill کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شقات 8 تا22 میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا یہ شقات ایوان کے سامنے ایک سوال کے طور پر رکھتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شقات 8تا22 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شقات 08تا22 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 23 شق 23, میں سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کے نام سے ترمیم آئی ہے۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب براہ مہربانی ترمیم پیش کریں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب والا! Section-23 میں اس کو مقدس گائے بنادیا گیا ہے کہ ان کے خلاف کوئی دعویٰ نہیں ہوسکتا، کوئی proceeding initiative نہیں ہوسکتی۔ میں نے اس کو omit کرنے کے لیے، ختم کرنے کے لیے amendment پیش کی ہے اور amendment یہ ہے...in the said section-23 shall be

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: میں آپ کے خلاف action لوں گا۔ یہ آخری warning ہے،آپ اپنی نشست پر بیٹھ جائیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: کسی کو مقدس گائے نہ بنائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس طرح کی جو indemnity کی Clause ہے۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب بھی موجود ہیں اور وکلا بھی ہیں۔ یہ کم از کم 300 اور قوانین میں ہے۔ آپ جب good faith میں اس قانون کے عمل درآمد کے لیے کام کرتے ہیں تو indemnify کیا جاتا ہے، ان کے خلاف اس حوالے سے proceedings نہیں ہوں گی۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب اچھی طرح جانتے ہیں کہ کم از کم 300 سے 350 قوانین ایسے ہیں جن میں شق موجود ہے۔ لہٰذا میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں اور section-23 کی ترمیم مسترد کرتے ہوئے پاس کرنے کی استدعا کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کی ترمیم قاعدہ 106, paragraph-8 کے تحت قابل قبول نہیں ہے۔ لہٰذا یہ ترمیم مسترد کی جاتی ہے۔

(تحریک مسترد کی گئ)

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال یہ ہے کہ شق 23 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئ)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 23 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ پوری دنیا میں دیکھیں، ایوان میں جن کی اکثریت ہوتی ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ ہمیں نہیں بتائیں، آپ اس طرح بات نہیں کر سکتے۔ شقات 24تا28 میں کوئی ترمیم نہیں ہے۔ لہٰذا میں ان شقات کو ایوان کے سامنے ایک ہی سوال کے طور پر رکھتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شقات 24تا28 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شقات 24تا28 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 29, سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کے نام سے ترمیم آئی ہے۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب والا! Bar of jurisdiction section-19 to 29 میں یہ ہے کہ آپ کسی کورٹ میں نہیں جا سکتے۔ ان کی اصل شق یہ ہے کہ

Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force and except as provided under this Act, no decision or action taken under this Act or rules or regulations made thereunder shall be questioned by any agency or challenged in any court or tribunal, nor shall any injunction be granted against such decisions.

تو اس کے against میں نے omit کرنے کے لیے proposal دیا تھا۔ میرا proposal یہ ہے کہ اس کو omit کیا جائے، کسی کو مقدس گائے نہ بنایا جائے، کسی کو اس طرح سے اتنا تحفظ نہ دیا جائے کہ اس کے against آپ کسی Court of Law میں نہیں جا سکتے۔ اس طرح سے Bar of jurisdiction create کرنا غلط ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! یہ شق اور بھی بہت سارے قوانین میں ہے اور آج سے سوا سو سال پہلے والے قوانین کا بھی حصہ ہے۔ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں، I oppose this amendment.

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کی ترمیم قاعدہ 106 کے paragraph-8 کے تحت قابل قبول نہیں ہے۔ لہٰذا یہ ترمیم مسترد کی جاتی ہے۔

(تحریک مسترد کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال یہ ہے کہ شق 29 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 29 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 30 شق 30 میں کوئی ترمیم نہیں ہے۔ لہٰذا میں یہ شق ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق 30 کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 30 کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان۔ اب ہم شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان زیر غور لاتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ Order No.08. محترمہ شزہ فاطمہ، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن Order No.08 پیش کریں۔

Senator Azam Nazeer Tarar: I, on behalf of Minister of State for Information Technology and Telecommunication, move that the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance [The Digital Nation Pakistan Bill, 2025], be passed.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: بل منظور کیا جاتا ہے۔ .Order. No.09 جی سینیٹر سید محسن رضا نقوی، وزیر برائے داخلہ Order No.09 پیش کریں، رانا تنویر صاحب اس کے behalf پر پیش کریں۔

## Consideration and passage of The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025

Rana Tanveer Hussain: I, on behalf of Minister for Interior, move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب قائم مقام چیئرمین: کہیں سے اس کی مخالفت کی جاتی ہے؟

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: میں اب Leader of the Opposition کو وقت دے رہا ہوں۔ آپ سب اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں۔ اگر آپ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں گے تو پھر میں ان کو وقت دوں گا۔ جی سینیٹر سید شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: سب سے پہلے تو۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ بیٹھے ہوتے تو ہم وقت دے دیتے، آپ کھڑے ہو کر وقت مانگ رہے ہو۔

## Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition

سینیٹر سید شبلی فراز: ڈپٹی چیئرمین صاحب ہماری ساری terms گزر جائیں گی۔ ہمیں نہیں معلوم جو چیز یاد رکھی جائے گی وہ یہی ہو گی کہ ہم نے اس ایوان کے اقدار میں کیا اضافہ کیا؟ یا اس میں سے ہم نے کن چیزوں پر اس ایوان کے اقدار کو قربان کیا۔

(اس موقع پر پریس کے اراکین نے پریس گیلری سے واک آؤٹ کیا)

ایک مثال آپ کے سامنے ہے، سینیٹر اعجاز چوہدری کے لیے چیئرمین سینیٹ نے ایک خط لکھا۔ اس خط پر عمل درآمد نہیں ہوا because وہاں کے jail superintendent نے allow نہیں

کیا۔ ہماری یہ حیثیت رہ گئی ہے؟ ایک ایک اینٹ کر کے ہماری نکالی جا رہی ہے اور آپ اس میں [***] ہیں۔ you are [***][2]. These laws that are being enacted and the way

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ کے یہ الفاظ میں کارروائی سے حذف کرتا ہوں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: The way they are being enacted is highly undemocratic, highly objectionable, جہاں پر ایک بل کے بارے میں، آپ کو معلوم تھا کہ میں PECA کے بارے میں بات کرنے والا تھا، میں تو Digital Pakistan کے حوالے سے بات کرنا چاہتا تھا، آپ نے مجھے موقع نہیں دیا۔ دیکھیں، بات کرنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ دوسرا یہ ہے کہ opposition کا یہ کام ہے کہ جہاں پر غلطیاں ہیں، ان چیزوں پر وہ criticize کرے۔ حکومت تو جو وہ چاہتی ہوگی، وہ کرنا چاہے گی، اسی لیے opposition کا concept ہے کہ House میں اِدھر بھی جو سینیٹر حضرات بیٹھے ہیں وہ اُسی طرح سے منتخب ہو کر آئے ہیں جس طرح اُدھر left پر بیٹھے ارکان ہیں۔

اب میں اس Bill پر آتا ہوں۔ ڈپٹی چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ قانون سازی اس House کا بنیادی مقصد ہے۔ قانون سازی یہیں سے ہوتی ہے اور ہمیں عوام نے ان ایوانوں میں بھیجا ہی اس لیے ہے کہ ہم عوام اور ملک کی مفاد عامہ میں کام کر سکیں اور ایسے قوانین بنائیں جن سے آسانیاں پیدا ہوں، جن سے چیزوں کو بہتر طریقے سے چلایا جا سکے لیکن جب قانون بغیر کسی مشورے کے، خاص طور پر ان لوگوں سے جن کے بارے میں یہ Bill ہے اور جن کی آزادی کو سلب کیا جا رہا ہے، ان تمام stakeholders کے ساتھ آپ گفت و شنید کرتے ہیں اور ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور اس میں بڑا وقت لگتا ہے۔

2016 میں (PML(N کی حکومت میں جب یہ Bill بنا تھا تو ہم opposition میں تھے اور پیپلز پارٹی بھی opposition میں تھی۔ میں اس کمیٹی میں شامل تھا اور اس میں ایسی کئی چیزیں طے کی گئی تھیں جن کی وجہ سے یہ آج بھی اسی طرح لنگڑا لُولا قانون ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ

[2] *"[Words expunged by the orders of Acting Chairman]".*

ہے کہ آپ کے جج صاحبان، وکلا اور FIA کے اہلکاروں کو اس کی سمجھ ہی نہیں تھی کہ یہ ایک نیا subject تھا۔

جب قانون یا آئین میں کوئی بھی ترمیم کی جاتی ہے یا کوئی نئ قانون سازی کی جاتی ہے تو سب سے پہلے اس کی intent کو دیکھا جاتا ہے۔ اگر اس کی intent بھلائی ہو تو ٹھیک ہے۔ اس سے کوئی بھی اختلاف نہیں کرے گا کہ social, print یا کوئی بھی اور media ہو، اس کو ایک خاص دائرے میں اپنی بات کرنی چاہیئے کیونکہ مقصد اس کا استعمال ہے۔ اب لوگ اپنے گھروں میں بندوقیں بھی رکھتے ہیں، اسی طرح دیگر licenced اسلحہ بھی رکھتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا ہے بلکہ وہ ایک deterrence کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

بنیادی طور پر اس Bill کا intent ایک political party کا ایک خاص focused طبقے کو نشانہ بنانا ہے۔ جب کوئی بھی قانون کسی ایک specific شخص کے لیے یا کسی ایک specific segment of society کے لیے بنایا جاتا ہے تو وہ قانون نہیں ہوتا کیونکہ اس قانون میں بنیادی spirit ہی lack کرتی ہے اور وہ vindictive in nature ہو جاتا ہے۔ قوانین کبھی بھی vindictive نہیں ہو سکتے۔ قوانین protection provide کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ وہ کسی چیز کو روکنے کے لیے یا کسی چیز سے قانونی تحفظ فراہم کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ آپ دوسرے ممالک میں بھی دیکھ لیں کہ ایک قانون بننے میں کتنا وقت لگتا ہے اور کتنا وقت لگنا چاہیے۔ جب آپ کوئی قانون بنا رہے ہیں تو یہ ایک سب سے افضل اور ذمہ دارانہ activity ہے اور خاص طور پر ایک ایسے subject پر جو کہ نیا بھی ہے اور پوری دنیا کے لیے ایک challenge بنا ہوا ہے۔

جب آپ قانون سازی کرتے ہیں تو اس کے لیے پہلے آپ capacity build کرتے ہیں۔ یہ قانون اگر آج pass ہوا تو یہ آج سے ہی نافذ العمل ہو گا۔ اب اگر یہ نافذ العمل ہو گیا تو اداروں کی ,capacity اس کی تیاری، qualified لوگوں کی تعیناتی، rules بنانا، یہ ساری چیزیں قانون بننے کے ساتھ in tandem چلتی ہیں۔ اب یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ نے قانون تو بنا دیا اور اب اس کو، بلکہ اس کی مثال ایسی ہے کہ آپ furniture تو لے آئے اور ابھی گھر بنا نہیں ہے۔ تو آپ نے یہ کام کیسے کر لیا۔ اس سے کیا ہوگا! اس سے جو already political

victimization ہو رہی ہے، اس میں زور آئے گا۔ کسی کو بھی کسی بھی وقت اٹھا لیا جائے گا کہ آپ نے PECA law کی خلاف ورزی کی ہے

وہ journalist یا وہ لوگ جن کا یہ پیشہ ہے ان کے ساتھ تو ہم نے کوئی مشورہ ہی نہیں کیا کیونکہ ہم تو یہ کہتے ہیں یہ آج ہی ایک law بنا ہے۔ Law Minister صاحب آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جی صرف کوما اور پیش کی تبدیلی ہے اور باقی اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے اس لیے اس کو آج ہی pass کریں۔ بھائی، قانون ایسے pass نہیں ہوتے۔ قانون pass کرنے کے لیے ایک ایک لفظ پر آپ مہینے لگاتے ہیں۔ آپ اس کو print کر کے آجاتے ہیں کہ جی یہ قانون ہے، اس کو pass کرو۔ ہمارے left پر جو ساتھی بیٹھے ہیں وہ بے چارے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے اس کو پڑھا بھی نہیں ہے کیونکہ time ہی نہیں ملا۔ یہ قومی اسمبلی میں دو مہینے سے پڑا ہوا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں جناب۔ یہ بروز جمعہ یہاں پر آیا اور پھر کمیٹی کو بھی refer ہوا اور اس کی ساری چیزوں پر بحث ہوئی اور اس کے بعد یہ یہاں پر آیا ہے۔ آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اس کو کسی نے نہیں پڑھا۔

سینیٹر سید شبلی فراز: اچھا جی۔ جو ہم اس پر protest کر رہے ہیں تو کیا ہماری press gallery میں کوئی لوگ بیٹھے ہیں؟ وہاں کوئی بھی موجود نہیں ہے۔ کیا ان کا تعلق PTI سے ہے؟ ایسا بھی کچھ نہیں ہے۔ وہ یہ ہمارے لیے نہیں کر رہے بلکہ وہ اپنے profession کے لیے protest کر رہے ہیں اور ان کا حق بنتا ہے کہ وہ protest کریں۔ آخر ایسا کچھ تو ہوگا جس کی وجہ سے وہ protest کر رہے ہیں۔ تو آپ نے ایک profession کے حوالے سے، ان کے لوگوں سے مشورہ کیے بغیر ایک ایسا قانون بنا دیا ہے جس کے consequences and implications ہیں۔ کیا وہ implications discuss ہوئی ہیں؟ کیا اس کے implementation process کو ذہن میں رکھا گیا ہے کہ اس کی کیا تیاری ہے؟ تو یہ ساری چیزیں ایک چیز کی طرف اشارہ کرتی ہیں کہ ہم نے قانون برائے قانون بنانا ہے۔ یہ قانون برائے اصلاح نہیں بلکہ قانون برائے سزا ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا اور ہم اس مقصد کے لیے استعمال نہیں ہو سکتے کہ ہم ایسے قوانین بنائیں۔ کوئی یہ نہیں کہے گا یہ government نے بنایا ہے بلکہ یہ کہیں گے جو تمام لوگ سینیٹ میں بیٹھے ہیں، یہ انہوں نے pass کیا ہے۔ حالانکہ ایسا ہے بھی نہیں۔ ہم

نے اس پر اختلاف کیا ہے اور امید ہے آپ نے اس کو note کیا ہو گا۔ بجائے اس کے کہ آپ کہیں کہ یہ متفقہ طور پر ہوا ہے بلکہ ایسا بالکل بھی نہیں ہوا ہے۔ تو ہم اس لیے یہ چاہتے ہیں کہ اس پر بحث ہو، اس پر opposition اور ہماری پارٹی کی طرف سے جو ترامیم آئی ہیں، جن کو ہمارے پارلیمانی لیڈر جناب علی ظفر صاحب نے جمع کروا دیا ہے۔ تو ایک طریقہ کار۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس وقت اذان ہو رہی ہے، آپ کم از کم اذان کے لیے تو خاموش ہو جائیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: چلیں، شکر ہے کہ آپ کو بھی خیال آیا۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جی سینیٹر سید شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: میرا آخری point ہے۔ جناب! ہماری نئی نسل کی سوچ کا طریقہ بھی مختلف ہے، یہ archives سوچ کے مخالف چلتی ہے جو چیزوں کو دیکھنے اور کرنے کا پرانا طریقہ کار تھا۔ اس ملک کی population میں زیادہ تر youngster ہیں، ان کے ذہنوں میں بہت سارے سوالات ہیں، وہ اپنے concept clear کرنا چاہتے ہیں۔ وہ چیزوں کو black and white میں دیکھتے ہیں، ان کے نزدیک grey area نہیں ہے۔ دوسرے ممالک میں critical thinking and freedom of speech کیوں ہے، وہ کیوں ترقی کر گئے ہیں، ہم پیچھے کیوں رہ گئے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہماری سوچ، زبان اور movement پر بھی قدغن ہے تو یہ معاشرہ کیسے پھلے پھولے گا، یہ تو ایسے ماحول میں ہیں جس میں سوچ کو بالکل ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔

جناب! ہم نے اگر اس ملک کو آگے دیکھنا ہے تو ہمارے youngster کے سوالات ہوں گے اور کچھ ہمیں اچھے نہیں لگیں گے۔ ان کی کچھ opinions اچھی نہیں لگیں گی لیکن یہ ملک اور مستقبل ان کا ہے، we have played our innings, we do not want to play for them. Let them play, give them the environment, give them the ecosystem where then can grow, their minds can grow, they can criticise, they can suggest and

they can give ideas. تو ideas کیسے ملیں گے جب آپ کی سوچ پر جال بچھا دیا جائے کہ آپ ہل نہ سکیں۔

جناب! یہ نہیں ہے کہ ہم مخالفت برائے مخالفت کر رہے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسے قوانین ملک کو پیچھے لے جائیں گے، آگے تو چھوڑیں، اس کو مزید پیچھے لے جائیں گے۔ اس کی جو capacity ہے، اگر میں ابھی پوچھوں کہ کیا اس میں جو tribunals ہیں وہ بن چکے ہیں۔ آپ نے Supreme Court right of appeal سے بھی ختم کر دیا ہے، اس کو direct High Court سے کر دیا ہے۔ آپ کہیں گے کہ Tribunal کی High Court کی powers ہیں، نہیں ایسا نہیں ہے، آپ نے ایک layer ہٹا دی ہے۔ آپ کے Judges اس subject کو handle کرنے کے لیے prepared نہیں ہیں، آپ کی تیاریاں نہیں ہیں اور آپ نے Law کو implement کر دیا ہے، یہ آج سے implementable ہے۔ یہ نہیں ہے اور میں نے جس طرح کہا کہ آپ plot پر furniture خرید کر لے آئے ہیں اور ابھی گھر بنا ہی نہیں ہے۔ اس قسم کے قوانین اس ایوان کی، میرا خیال ہے کہ ایک غیر ذمہ داری کا ثبوت دے رہا ہے۔ ایسے قوانین کو pass کرنا، قوانین پر discussion ہونی چاہیے، ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ آپ قانون present نہ کریں، ہم کہہ رہے ہیں کہ اس کا time ہوتا ہے۔ اس پر جب تک پورے معاشرے کی input نہیں ہو گی، یہ کھوکھلا قانون رہے گا کیونکہ it's devoid of any collective wisdom. اس لیے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں ترامیم کے لیے time دینا چاہیے اور اس پر discussion ہونی چاہیے جو stakeholders ہیں جو Journalist Community ہے ان کو بھی موقع دینا چاہیے۔ Universities کو بھی موقع دینا چاہیے اور ان سب لوگوں کو موقع دینا چاہیے جو اس میں contribute کر سکتے ہیں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہمارے لیے دونوں اطراف کے ممبران قابل احترام ہیں، آپ لوگ ایوان کی کارروائی کو غور سے سنیں تو کسی قسم کی خلاف ورزی نہیں کی جا رہی ہے، ایوان کی کارروائی قوانین کے مطابق چلائی جا رہی ہے۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں جو رانا تنویر صاحب نے محسن نقوی صاحب کے behalf پر آرڈر نمبر۔9 پیش کیا ہے، یہ وہ ہے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئر مین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! ایسا ہے کہ میں نے amendments move کی تھیں اور 24th January کو amendments move ہوئی تھیں اور جناب نے Committee officially کو refer کی تھیں۔ ان کو کمیٹی کی رپورٹ میں نہ accept کیا گیا ہے اور نہ reject کیا گیا ہے، اگر آپ کمیٹی کی رپورٹ سامنے رکھ لیں۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ کمیٹی کی رپورٹ دیکھ لیں جس کمیٹی کو سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن صاحب نے chair کیا تھا، اگر اس کے 2nd page پر آئیں گے تو اس میں اتنا سا لکھا ہے کہ "Senator Kamran Murtaza special invitee moved certain amendments in the Bill" انہوں نے certain amendments کی تعداد تک لکھنا گوارا نہیں کیں، ان پر کوئی deliberation نہیں کی، ان کو decide نہیں کیا یا میرے حق میں یا میرے خلاف کچھ نہیں کیا۔ میں نے کوئی اچھا کام کیا تھا یا برا کام کیا تھا، ان پر کوئی نہ کوئی findings آنی چاہیے تھیں۔ میرا خیال ہے کہ اس report کو نامکمل تصور کیا جائے اور اس report کو کمیٹی کے پاس دوبارہ بھجوایا جائے، آپ جس کمیٹی کے متعلق سمجھتے ہیں۔ ان سے کہیں کہ جب کمیٹی کو officially refer ہو گئی تھی تو پھر اس پر آپ کی کوئی finding آنی چاہیے تھی، آپ نے اس کو پیش کیا ہے اور آپ نے اس پر کوئی اپنی opinion دینی تھی۔ جناب! اس پر کسی قسم کی کوئی opinion نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئر مین: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب نے اس Bill میں ترامیم کا notice دیا تھا جو Bill کے ساتھ متعلقہ کمیٹی کو بھیج دی گئی تھیں۔ کمیٹی نے سینیٹر کامران مرتضیٰ کی ترامیم کو جانچنے کے بعد مسترد کیا تھا جس کا ذکر کمیٹی کی report میں بھی موجود ہے۔ جی کمیٹی آپ لوگوں کے پاس ہے، یہ رکن کا حق ہے کہ یہ bill میں ترامیم پیش کر سکتا ہے۔ لہٰذا، اس کے لیے قاعدہ ۱۰۵ کے تحت نوٹس دینا ضروری ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ نے ایوان میں ترامیم کا نوٹس جمع نہیں کرایا۔ اس کے علاوہ آج سینیٹر سید علی ظفر صاحب کا ترامیم کے حوالے سے نوٹس موصول ہوا ہے اور اس کے لیے دو دن پہلے کا وقت چاہیے ہوتا ہے۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Second reading of the Bill, شقات نمبر۔۲ تا ۱۴ میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا، میں ان کو ایک سوال کے طور پر ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں، سوال یہ ہے کہ شقات نمبر۔۲ تا ۱۴ کو Bill کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: شقات نمبر۔۲ تا ۱۴ کو Bill کا حصہ بنایا جاتا ہے۔جی سینیٹر افنان اللہ خان صاحب۔

سینیٹر افنان اللہ خان: جناب! میری گزارش ہے کہ ایک شخص convicted ہے، اس کی تصویر ایوان میں لائی جارہی ہے اور بار بار کیمرے کے سامنے لائی جارہی ہے۔آپ مجھے بتائیں اور جناب چیئرمین صاحب! آپ اس پر ایک ruling دے دیں، کیا یہ جائز ہے یا نہیں ہے، اس پر آپ کی ruling چاہیے۔آپ کا شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس پر آگے جا کر بات بھی کریں گے اور ruling بھی دیں گے۔ شق نمبر۔۱ Bill کا ابتدائیہ اور عنوان لیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ شق نمبر۔1 ابتدائیہ اور عنوان Bill کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: شق نمبر۔1 ابتدائیہ اور عنوان Bill کا حصہ بنایا جاتا ہے۔آرڈر نمبر۔۱۰ سینیٹر سید محسن رضا نقوی کا ہے، ان کے behalf پر رانا تنویر حسن صاحب آرڈر نمبر۔۱۰ پیش کریں۔

Rana Tanveer Hussain (Minister for Industries and Production): On behalf of Interior Minister, I move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025], be passed.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: Bill منظور کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر۔ ۱۱ پر توجہ دلاؤ نوٹس ہے جو سینیٹر فیصل واوڈا صاحب کا ہے، آپ براہ مہربانی معاملہ اٹھائیں۔

سینیٹر افنان اللہ خان: جناب! آپ ruling دے دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں دوں گا۔ جی سینیٹر فیصل واوڈا صاحب! براہ مہربانی آپ continue کریں۔ جی رانا تنویر حسین صاحب! آپ بات کر لیں۔

رانا تنویر حسین (وزیر برائے صنعت و پیداوار): جناب چیئرمین! آپ نے ہمارے ساتھ سلوک کیا کیا ہے، اس کو ذرا سن لیں۔ سینیٹر سید شبلی فراز صاحب ہمارے لیے بہت محترم ہیں، انہوں نے اپنی speech میں اس بل کی almost support کی ہے۔ انہوں نے کہا پہلے والا جو قانون تھا، وہ لولا لنگڑا تھا۔ اس میں بہتری کی ضرورت تھی تو اس کو بہتر کرنا چاہیے تھا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ اس کے استعمال کو safeguard چاہیے، بالکل ہونا چاہیے کیونکہ سوشل میڈیا پر بہت سارا گند ہے اور بڑی زیادتی ہوتی ہے۔ اس کو ضرور کنٹرول کرنا چاہیے اور اس کے لیے کوئی قانون ہونا چاہیے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہم بالکل درست کر رہے ہیں، یہ بھی سمجھتے ہیں کہ یہ ٹھیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس کو criticize کرنا ہی کرنا ہے، ہم اپوزیشن میں ہیں لیکن میں آپ کو ایک بات بتانا چاہتا ہوں کہ اس بل سے پی ڈی ایم حکومت میں بھی engage رہے ہیں اور اس کے بعد میں بھی engage رہے۔ ابھی بھی دونوں کمیٹیوں سے قائمہ کمیٹی برائے قومی اسمبلی اور قائمہ کمیٹی برائے سینیٹ جو کہ ان کی اپنی کمیٹی ہے، جن کا چیئرمین پی ٹی آئی کا سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن صاحب ہے اور وہاں پر سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کی amendments گئیں آپ نے ذکر کیا اور رپورٹ میں بھی اجاگر کر دیا۔

سینیٹر سید علی ظفر صاحب ہمارے بھائی ہیں، بہت بڑے وکیل ہیں اور rules & regulations ان کو ساری زبانی یاد ہیں کہ کس طرح amendments move کرنی ہیں، کیا طریقہ کار ہے؟ کیا procedure ہے؟ اگر اس طرح یہ کریں گے کہ ابھی آ کر ہماری amendments لے لیں۔ جناب چیئرمین! قانون موجود ہے، قانون کوئی قرآنی صحیفہ نہیں ہے۔ اس میں amendments ہو سکتی ہیں improvement آ سکتی ہے۔ ہر قانون ہر

آئین اور رولز بنے ہیں، اس میں improvement کی ہمیشہ گنجائش رہتی ہے۔ جب اس کی implication یا execution آتی ہیں تو اس وقت کوئی اور improvement لاتے ہیں۔

میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ پہلے ہمارے صحافی بھائی جو ہیں، پیمرا کے تحت ان کے قانون بنے ہوئے ہیں، وہیں سے وہ deal ہوتے ہیں اس کا ان کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، نہ ٹی وی، نہ اخبارات لیکن یہ صرف سوشل میڈیا کو deal کرے گا۔ آپ مجھے بتائیں کہ ہماری society کا کیا حال ہو گیا ہے۔ یہ تو خود چور کی داڑھی میں تنکا کہ ہمارے سوشل میڈیا کے لیے بنا ہے۔ نہیں ہر وہ شخص جو کسی کی عزت کے ساتھ کھیل رہا ہے، جو جھوٹی خبر پھیلا رہا ہے جس کے ذریعے society میں افراتفری یا قتل و غارت تک بات پہنچ رہی ہے، یہ بھی آپ نے دیکھا کہ سوشل میڈیا کی وجہ سے ایسے قتل ہو رہے ہیں۔ اگر ہم ایک بہتری کی طرف جا رہے ہیں، دل میں یہ بھی ساتھ ہیں۔ لیکن اگر کوئی چیز ہے، کل اس کی private member’s day میں amendment لے آئیں، اگر کوئی اچھی بات ہوتی ہے ہم تو ویلکم کریں گے۔

میں سمجھتا ہوں اس طرح کی جو یہ بات کرتے ہیں، سراسر ایک مخالفت برائے مخالفت ہے۔ ان کو مخالفت نہیں کرنی چاہیے، آگے بڑھنے دینا چاہیے۔ میں اپنے صحافی بھائیوں کو بھی یقین دلاتا ہوں کہ قوانین کا misuse دیکھیں کون سا ایسا قانون ہے جو اگر 90% کام ٹھیک ہو رہا ہے کوئی ایک دو چیزیں ہیں، مجھے بتائیں کہ کیا PPC misuse نہیں ہوتی؟ سینیٹر سید علی ظفر صاحب تشریف فرما ہیں، کیا اعلیٰ عدلیہ کی judgement غلط نہیں ہو جاتی؟ ایسے بے گناہ سزائے موت ہو گئے ہیں تو ہم ان کو کہیں کہ آپ نے آئندہ فیصلے نہیں کرنے۔ ایک civil society ہے اس کو ہم govern کر رہے ہیں، regulate کر رہے ہیں، ہمارے معاشرے میں code of ethics بنے ہوئے ہیں جس سے ہم چل رہے ہیں۔

(مداخلت)

رانا تنویر حسین: آپ کو پتا ہے کس نے چلائی ہے یہ سارے کام آپ خود ہی کرتے ہیں۔
میں یہ کہوں گا کہ یہ چیزوں کو سمجھتے ہیں کہ یہ جنگل کی society نہیں ہے، یہاں جنگل نہیں ہے،

جہاں پر بے لگام ایک ایسا سوشل میڈیا جو اچھااور بہتر کام کرے گا، مثبت تنقید کرے گا اس کو ہم ویلکم کرتے ہیں۔

میں آپ کو بالکل floor of the House assure کر رہا ہوں۔ لیکن misuse ہو گا تو اس کے لیے عدالتیں اور ایوان بھی موجود ہیں، ہر جگہ remedy ہے۔ کیوں نہیں؟ جب کوئی غلط case ہو جاتا ہے تو اس کے لیے لوگ عدالتوں میں جاتے ہیں وہاں پر relief لیتے ہیں اور ایک stage نہیں، دوسری stage، تیسری stage ہے ہماری Apex courts بھی موجود ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سینیٹر سید شبلی فراز صاحب بڑے پڑھے لکھے ہیں اور اس خاندان سے ہیں، سینیٹر سید علی ظفر صاحب بھی ہمارے بھائی ہیں بالکل چیزوں کو سمجھتے ہیں تو اس طرح ناں لیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی مہربانی یہ بل پاس ہوا ہے، اس سے بہتری آئے گی۔ ان شاء اللہ آنے والے دنوں میں دیکھیں گے کہ ہماری society میں جو ایک سوشل میڈیا کے ذریعے شر پھیلائی جا رہی ہے اس میں بہتری آئے گی اور کنٹرول ہو گا۔ بڑی مہربانی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر سید شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! حکومت اس کو support کر رہی ہے یہ بالکل غلط ہے۔ ہماری پارٹی کی پوزیشن ہے کہ ہم اس بل کو oppose کر رہے ہیں۔ ابھی وزیر صاحب نے جو باتیں کی ہیں اس میں اکثر باتیں درست ہیں، ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ معاشرے میں غلط خبریں پھیلانا، ایسی چیزوں کو کرنا جو جھوٹ پر مبنی ہوں، میں نے اپنی تقریر میں بھی کہا تھا کہ اس کو کوئی بھی support نہیں کرے گا لیکن ہمیں طریقہ کار سے اختلاف ہے کہ اس میں کوئی stakeholder شامل نہیں ہوا۔ ہم تو ایک political agenda رکھتے ہیں ان کا کیا agenda ہے؟ انہوں نے protest کیا ہوا ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں اس کا جو طریقہ کار تھا وہ بڑی جلد بازی میں کیا گیا۔ قانون روز نہیں بنتے نہ بننے چاہیں اس کے پیچھے ایک بہت بڑا کام ہوتا ہے جو کہ نہیں ہوا اور نہ یہ عدالتوں کی بات کر رہے تھے انہوں نے تو ایسی بات کی ہمیں تو اب عادت ہو گئی ہے کہ جو بھی cases ہوں گے نہ تو آپ کے judges, lawyers prepared, ہیں نہ آپ کا ادارہ بنا ہے اور نہ کوئی طریقہ کار ہے۔ اب پکڑ دھکڑ شروع ہو جائے گی اور وہ جس عدالت میں جائیں گے ان کو remedy مل نہیں سکے گی کیونکہ کوئی clarity نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین ! جی، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا صاحب کا agenda take-up ہوا ہے۔ میرے خیال میں business لے لیا جائے، جیسے علی بھائی مناسب سمجھیں گے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین ! جی، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہمارے لیے بڑے محترم ہیں لیکن رانا تنویر حسین صاحب نے بڑی مناسب بات کی ہے کہ کمیٹی بھی کیونکہ اپوزیشن کے پاس ہے ان کے اراکین موجود تھے، کمیٹی سے یہ چیز پاس ہو کر آئی ہے تو وہاں پر amendments دیتے۔ اس کے بعد ان کے پاس پرسوں سے آج تک کا وقت تھا نہیں دی گئی بہرکیف point scoring نہیں کرنی چاہیے اور یہ consultations ویسے کوئی تین ساڑھے تین سال سے ہو رہی تھیں، anyway رانا تنویر حسین صاحب نے explain کر دیا۔ جناب چیئرمین ! یہ معاملہ جو ہے سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا صاحب نے وزارت خزانہ کی توجہ دلائی ہے۔ میں اسی لیے عرض کر رہا تھا کہ اگر فیصل صاحب اس پر بات کر لیں تو میں اس کو reply کر دوں گا۔ گاڑیوں والے معاملے پر اگر آپ سمجھتے ہیں وزیر خزانہ ہی ادھر ہوں، وزیر خزانہ صاحب کی آج کوئی میٹنگ ہے تو انہوں نے ایوان سے درخواست کی ہے کہ وہ آج ایوان میں نہیں پہنچ سکیں گے۔ فیصل صاحب .choice is yours

جناب قائم مقام چیئرمین :آرڈر نمبر۔۱۱ سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا: صاحب۔

## <u>Calling Attention Notice moved by Senator M. Fesal Vawda regarding the financial implications of recent decision of FBR to procure 1010 vehicles for its field officers</u>

سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا: جناب چیئرمین ! بہت شکریہ ! میں توجہ دلانا چاہتا ہوں آپ کی اور اس ایوان کی۔ میری گزارش یہ ہے کہ یہ ایک issue اٹھا ہوا تھا، ہماری ایک روایت ہے تو میں سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب کی توجہ بھی چاہوں گا کہ ہماری FBR کی ایک transaction آئی جس کے اندر 1010 گاڑیاں خریدنے کی بات کی گئی، کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ مسئلہ جہاں سے شروع ہوا ہے جب ان گاڑیوں کے اوپر 384 billion recover ابھی تک نہیں ہوئے جو FBR کا ہدف تھا، چلیں

کوئی بات نہیں پھر بھی ہم آپ کو انعام کے طور پر گاڑیاں دے دیتے۔ اس کے بعد ہم نے وزیر صاحب کو درخواست کی کہ اس issue کو take-up کرنے سے پہلے انہیں ذرا دیکھ لیں اس میں بہت سی irregularities ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو مجبور ہیں۔ آپ کہیں گے تو میں ایوان میں ان کے نام بھی لے لوں گا، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اس کے بعد یہ کہانی اور آگے بڑھی۔ جب آگے بڑھی تو اس پورے procedure کے اندر اخبار میں اس tender کی کوئی advertisement نہیں آئی کہ یہ اتنی گاڑیاں لی جائیں گی یا اس اس کمپنی سے لی جائیں گی یا کیا ہو گا۔ اس پورے procedure کی اخبار میں کوئی advertisement نہیں آئی۔ اچھا جی نہیں آئی۔ پھر ہمارے اوپر الزام لگا دیا گیا کہ Finance Committee influence ہو گئی ہے۔ ایک تو مجھے سمجھ نہیں آیا کہ وزیر دفاع، وزیر خزانہ کی بات کو لے کر چل رہے ہیں تو مجھے نہیں پتا کہ وزارت دفاع میں وزارت خزانہ آتی ہے یا وزارت خزانہ میں وزارت دفاع آتی ہے، کس کی کیا وزارت ہے یہ ہمیں نہیں معلوم لیکن چلیں سیاست کرنے کا ان کا right ہے، وہ سیاست کر رہے ہیں۔

Defence Minister صاحب نے کہا کہ کمیٹی کے اندر لوگ influence ہو گئے ہیں۔ چلیں جی مجھ پر تو الزام لگ گیا، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ سلیم مانڈوی والا صاحب جو اس کمیٹی کے چیئرمین ہیں اور پیپلز پارٹی جو ان کی ally ہے، ان پر بھی آپ نے الزام لگا دیا کہ ہم influence ہو گئے ہیں۔ OK جی۔ آپ کی اپنی (ن) لیگ کے لوگ اس کمیٹی میں بیٹھے ہوئے ہیں جو اس چیز پر لبیک کہہ رہے ہیں کہ ہم بالکل ٹھیک کام کر رہے ہیں، وہ بھی influence ہو گئے ہیں۔ آپ کے Minister of State علی ملک صاحب بھی کہہ رہے ہیں کہ یہ بالکل ٹھیک کام ہے، تو وہ بھی influence ہو گئے ہیں۔ ہمارے پر influence کیا ہے جناب۔

ہم پر الزام یہ آ رہا ہے کہ ہم اس طرح influence ہو گئے ہیں کہ ہم پاکستان کے exchequers کو کروڑوں روپے کا فائدہ پہنچا رہے ہیں، اچھی اور معیاری چیز کو کہہ رہے ہیں کہ اچھے دام میں لے لو، یہ پاکستان کی پہلی چوری ہے۔ یہ چوری آج سے پہلے کبھی سنی نہیں ہے۔ وزیر دفاع صاحب کس کا دفاع کر رہے ہیں میں اس کو بھی ساتھ ساتھ clear کرنا چاہتا ہوں۔ میں ان پر کبھی یہ الزام نہیں لگاؤں گا کہ وہ اس چوری میں ملوث ہیں کیونکہ 70-60-50 یا 100 کروڑ تو کوئی چوری ہی نہیں ہوتی لیکن وہ actually چوری کا دفاع نہیں کر رہے ہیں نہ ان کی جیب میں یہ پیسا جا

رہا ہے، وہ کسی favourite کا دفاع کر رہے ہیں، وہ favourite کسی اور کا favourite ہے، نمبر ایک یہ کہ یہ favouritism ہم نہیں چلنے دیں گے۔

دوسرا یہ کہ آپ نے کہا کہ ہم نے 1087 گاڑیاں دینی ہیں جس کی آپ نے approval لی، اب 1087 لوگ field میں چلے جائیں گے۔ یہ ایک نئی منطق ہے۔ Grade 20 and onwards گاڑیوں کی allocation ہو سکتی ہے لیکن 16 سے 19 گریڈ تک تو ہم نے نہیں سنی۔ چلیں جی آج آپ نے یہ مدعا بھی اٹھا لیا، اپنی جاگیر ہے، اسے اپنی مرضی سے چلاتے ہیں۔ پھر اس کا Policy Board ہے جس کا یہ mandate ہے، اسے بھی نظرانداز کر دیا گیا۔ پھر ہمیں briefing دی گئی۔

اب میں پاکستانی قوم کو ایسی دو تین چیزیں دکھاؤں گا جس سے مجھے اپنا مدعا سمجھانے کے لیے اور کچھ بتانے کی ضرورت نہیں ہو گی کہ چوری، بے ایمانی، بدمعاشی اور غنڈہ گردی اس ملک کا وتیرہ ہے، پہلے بھی تھا، آج بھی ہے اور میرے خیال میں شاید کل بھی ہو گا۔ پھر ہمیں کہا گیا کہ یہ Cabinet approval ہے۔ کابینہ کی approval سر آنکھوں پر ہے۔ 190 ملین پاؤنڈ کی بھی Cabinet approval ہوئی تھی، آپ نے دیکھ لیا کہ انہیں جیل ہوئی تو اس میں بھی جیل ہو گی۔

اب جناب مدعا پر آ جائیں۔ یہ کاغذات میرے نہیں ہیں، یہ FBR related ہیں۔ 10 جنوری کو ہم نے اس کو take-up کیا۔ 10 جنوری کو ہی جلدی جلدی letter of intent issue کر دی جاتی ہے۔ ایسا contract بنایا جاتا ہے جناب چیئرمین کہ آپ کرسی پر بیٹھیں گے، آپ کا قد یہ ہو گا، آپ اس کرسی پر بیٹھیں گے، آپ کے دائیں یہ ہو گا اور بائیں یہ ہو گا یعنی کہ contract آپ کو چلا جانا ہے۔ یہ کام تو Opposition کا تھا لیکن Opposition تو کام کرنے کو تیار ہی نہیں ہے۔

اب دوسری چیز پر آ جائیں کہ 22 جنوری 2025 کو کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے، سوالوں کے جواب مانگ رہی ہے لیکن کسی سوال کا جواب نہیں ہے۔ اس کمیٹی میں میرے سمیت پیپلز پارٹی on board ہے، وہ کہہ رہی ہے کہ کام بالکل ٹھیک ہے۔ (ن) لیگ کہہ رہی ہے کہ یہ کام ٹھیک ہے اور وزیر مملکت برائے خزانہ بھی کہہ رہے ہیں کہ یہ کام ٹھیک ہے۔ اب جناب یہاں ایک بہت

آ گیا۔ اس مسئلے پر پاکستانی قوم کو ایک important issue چیز جو کھل کر دیکھنی relevant پڑے گی کہ اس ملک کو اس طرح بے دردی سے چلایا جارہا ہے۔ 22 جنوری 2025 کو Finance Committee اس مسئلے کو take-up کرتی ہے۔ 22 جنوری 2025 کو FBR ایک multinational کو raid کر دیتی ہے۔ وہ raid کرکے اس میں search warrants ڈال کر ان کی کتابیں کھولتی ہے، کھول لے۔ کیا وہ منشیات بیچ رہے تھے، کیا وہ human trafficking کر رہے تھے، کیا وہ ملک کے خلاف سازش کر رہے تھے۔ یہ multinational بھی اتفاقاً پھر سے وہی company نکلی جس کو ادھیڑ دھکیڑ کر رہے تھے۔

ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ کو ان سب چیزوں کے باوجود گاڑی لینی ہے تو لے لیں۔ ہمارا مدعا یہ ہے کہ اگر معیاری، سستی اور اچھی چیز آپ کو مل رہی ہے تو پھر آپ exchequer کو کروڑوں روپے کا نقصان کیوں پہنچا رہے ہیں اور اگر آپ کو گاڑیاں ہی لینی ہیں، آئین اور قانون میں کہیں لکھ دیا ہے، کہیں اوپر سے فرمائش آ گئی ہے اور ہم نے خواہشات پوری کرنی ہیں تو آپ نے upper lock تو 1300cc کا لگا دیا لیکن آپ lower lock لگانا بھول گئے۔ Suzuki Alto 660cc کی بہت اچھی گاڑی ہے، آپ انہیں دے دیں۔ آپ Suzuki Alto نہیں دیں گے کیونکہ لکھا ہے کہ ہم Rolls Royce, Phantoms, Bentley, Porsche, Cadillac یا Mustangs دیں گے، کیوں دیں گے، حدف بھی پورا نہیں کریں گے۔ خوش کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! اسی approval میں ایک اور چیز جو دیکھنے کو آئی وہ یہ کہ چار Categories بنا دی ہیں، FBR کو ہر ماہ چار extra salaries دی جائیں گی، Category-II میں تین extra salaries دی جائیں گی، Category-III میں دو extra salaries دی جائیں گی۔ جناب آپ یہ اربوں روپے کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ آپ انہیں اربوں روپے کے incentives دے رہے ہیں کیا آپ نے اپنا ہدف پورا کر لیا ہے؟ آپ ہمیں لکھ کر دے دیں کہ آپ اپنے ہدف کا 50% پورا کر لیں گے۔ آپ 100 مرتبہ گاڑیاں لیں، کیوں نہیں ہم rent a car کر لیتے؟ کیوں نہ ہم lease پر گاڑیاں لے لیں کیونکہ 10% سود ہے، 5% employees دیں اور Government 5% دے، ملکیت بھی اس کی ہو جائے، گاڑی بھی

وہ سنبھالے۔ 1.2 billion کا fuel لگے گا، اس کا کوئی کھاتہ نہیں ہے، salaries میں bonus کی مد میں billions چلے جائیں گے اس کا کوئی کھاتہ نہیں ہے۔ اس contract میں discrepancies ہیں، ساری چیزیں bypass کی گئی ہیں۔ نہ اس میں Nissan ہے، نہ KIA ہے، نہ Hyundai ہے، نہ Changan ہے۔ چلیں جی صرف دو گاڑیاں ہیں Honda and Toyota. دونوں گاڑیاں ہمارے لیے قابل قبول ہیں، ہم ان companies کو incentives دیتے ہیں۔ لیکن آپ multinationals جن کی investments کے لیے آج ہم تڑپ رہے ہیں کہ ہمارے پاس foreign funding ہو، ہمارے پاس Foreign Companies آئیں، آپ انہیں raid کر دیتے ہیں، ان کی audit books کھلوا دیتے ہیں، ان کے agents کی books کھلوا دیتے ہیں۔

حسن اتفاق دیکھیں کہ کمیٹی اس مسئلے کو 10 جنوری کو اٹھاتی ہے تو آپ 10 تاریخ کو action لے لیتے ہیں، یعنی کہ اس مافیا کے خلاف پاکستان میں کوئی زندگی میں جرات ہی نہیں کرے گا کیونکہ اگر آپ کھڑے ہوں گے تو آپ کی file کھول دی جائے گی، آپ پر case بنا دیا جائے گا، آپ کو کسی بھی طریقے سے harass کیا جائے گا تاکہ آپ خاموشی سے سن لیں یہ سارا تماشا ہونے دیں۔

جناب چیئرمین! آپ مجھے بتائیں اور میں اب تارڑ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ تارڑ صاحب اگر آپ پھر بھی سمجھتے ہیں، آپ کی کابینہ قابل ہے، آپ کی قابلیت ہے تو آپ بالکل کریں لیکن کم از کم جو کروڑوں اور اربوں روپے کی جو چوری ہو رہی ہے، جو tailor made contracts بنائے جا رہے ہیں، جو favour دیے جا رہے ہیں، انہیں تو آپ روکیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم ignore کر دیں گے۔ آپ لوگوں کے اخباروں میں بڑے بڑے articles آ رہے ہیں، آپ کیسے ignore کریں گے۔ ہم مر گئے ہیں، میں تو اپنی حکومت میں کھڑا ہوا ہوں، اپنے SROs کے خلاف کھڑا ہوا ہوں۔ یہ ریکارڈ کا حصہ ہے کہ جب اس طرح کی favours ہو رہی تھیں تو میں نے یہ کام کھلے عام کیا ہے۔ آپ کے 190 ملین پاؤنڈ میں بھی پونے چار سال پہلے میں اپنی کابینہ میں کھڑا ہوا تھا۔ رانا ثناء اللہ صاحب سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، ان پر جب بھونڈا مقدمہ بنا، پوچھیں ان سے کہ میں ان کو کہیں سے جانتا تھا؟ میں انہیں کہیں سے بھی نہیں جانتا تھا۔ ان کے اوپر جب میری

حکومت نے بھونڈا مقدمہ بنایا، بے ایمانی کا گھٹیا اور جھوٹا مقدمہ بنایا، اس وقت بھی میں کابینہ میں کھڑا ہوا تھا، اپنی پوری حکومت کو take on کیا، کہ زیادتی نہ کریں، اس طرح کے بھونڈے الزام نہ لگائیں، کل آپ کو بھی برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب چیئرمین! وزیر دفاع کہہ رہے ہیں کہ کمیٹی influence ہو گئی ہے، ہم ٹھیک کام کرنے کے لیے influence ہوئے ہیں، ہم سستی اور معیاری چیز دلوانے کے لیے influence ہوئے ہیں، ہم چوری کو روکنے کے لیے influence ہوئے ہیں، یہ ہمارا influence اور گناہ ہے تو ہم سو مرتبہ یہ گناہ کریں گے اور اس گناہ کے تحت ہمیں جو بھی چیزیں face کرنی ہیں۔ جناب میں نے اپنے ادوار میں بھی اس وقت کے بہت طاقتور شخص، وزیر اعظم کے ہوتے ہوئے، DG, ISI ہوتے ہوئے ہم نے ٹکر لی، تکالیف اٹھائیں، غلط بات نہیں کریں گے، ہمیں بتادیں کہ ہم غلط کام کو نہ روکیں اور پاکستان کو آگے بڑھانے کی یہ پالیسی ہے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: منسٹر صاحب آپ جواب دے دیجیے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا صاحب نے ایک اہم موضوع کی طرف توجہ دلائی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر فیصل واوڈا صاحب نے اہم موضوع کی طرف توجہ دلائی ہے بات درست ہے کہ FBR نے اس طرح سے۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:.It is for the Chairman مجھے نہیں ہے اعتراض، کوئی بات ایسی ہے میں جواب ایک ساتھ دے دوں گا۔ یہ بات کر لیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی قادر صاحب۔

**Senator Mohammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! میں صرف briefly یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ گاڑیوں کا جو contract ہے یہ total دو یا چار ارب کی بات ہے جس میں کوئی دس بیس کروڑ اوپر نیچے ہو گا۔ ہمارے جو لوگ ہیں اس custom house کو وزیر اعظم صاحب نے کراچی میں خود visit کیا اور انہوں نے کہا کہ یہاں پندرہ سو ارب کی سالانہ corruption ہوتی ہے۔ میرا کہنے

کا مقصد ہے کہ ہمارے figuresجو Cabinetمیں آئے، جو ہم نے اخبار میں پڑھے انہوں نے کہا کہ ہمارے بارڈرز پر 3000ارب کی smugglingہوتی ہے۔ ہمارے مسائل یہ گاڑیاں یا یہ دو ارب کاcontractنہیں ہے، ہمیں اپنے major issuesپر بات کرنی چاہیے۔

ہمارے ملک میں کوئی 2300ارب کے سالانہcapacity charges payہو رہے ہیں۔ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ power and petroleumہے۔ ہماری گیس کا جوcircular debtہے وہ2800ارب پر پہنچا ہوا ہے۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم دو دو ارب یا ایک ایک ارب کے issueکو اتنا بڑا بنا کر پیش کرتے ہیں تو main issuesپر تمام partiesمل کر کام کریں تاکہ پاکستان کی بنیادوں میں جو کمزوری آرہی ہے، جو پاکستان کی بنیادیں کھوکھلی ہو رہی ہیں، ہزاروں ارب کی corruptionیا mismanagementسے اور پاکستان نے اس سال صرف ساڑھے آٹھ ہزار ارب قرضہ لینا ہے اور اس میں صرف ایک سال چلانا ہے۔ میرے کہنے کا یہ جو pointہے میں نے صرف دو منٹ اس لیے لیے ہیں کہ ہم سب کو چاہیے، opposition کو چاہیے، governmentکو چاہیے، ہمیں ان چیزوں پر کام کرنا چاہیے جس سے ہمارے 35 or 40% عوام جوbelow poverty levelہے ان کو کوئی فائدہ ہو سکے۔

یہ گاڑیاں FBRلے رہی ہے FBRکی capacityکو تو ہمیں بڑھانے کی ضرورت ہے، ہمیں انہیں دو یا تین ارب روپے کی گاڑیوں کی بجائے تیس یا پچاس ارب دینا چاہیے کہ جو ساڑھے آٹھ ہزار ارب budgetمیں shortfallہے یا ہمیں قرضہ لے کر اپنا ایک سال چلانا ہے وہ اس کو increaseکریں۔ میں اس بات کو اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی شکریہ جی۔ اس سے پہلے میں منسٹر صاحب کو بولنے کا موقع دوں۔ یہ ایوان مہمانوں کی گیلری میں موجود Abasyn University Peshawar کے بیس طلبا اور اساتذہ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ جی، ایک secondہی ہونا چاہیے۔

**Senator M. Fesal Vawda**

سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا: سینیٹر قادر صاحب نے جو point اٹھایا اور بہت unfortunateہے ہم سب کے لیے کہ ہم کہہ رہے ہیں کہ دس، بیس، پچاس کروڑ روپے کی چوری ہے تو اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ ہمارے بڑے figuresہیں، agree. ادس،

بیس، پچاس، سو، دو سو، پانچ سو کروڑ کی چوری تو چوری ہوتی بھی نہیں ہے۔ یہ acceptability ہمارے جمہوری نظام میں آ چکی ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ ایک تو figure بلکل بھی دو یا تین ارب روپے نہیں ہے، یہ پانچ سات ارب کا ہے، نمبر ایک۔

نمبر دو، جو اس کی maintenance and finance اور اس گاڑی کی جو utility ہے اس میں دو تین ارب اور ہیں، کوئی دس ارب total ہو جاتے ہیں۔ تیسرا یہ کہ capacity کو بلکل increase کریں ہم encourage کریں گے لیکن capacity کے اندر ہم transparency of contract تو رکھیں گے۔ ہم خرید اور فروخت transparent تو رکھیں گے۔ ہم ایسا تو نہیں کر سکتے کہ اگر آپ ایک جائز کام کر رہے ہیں تو اس کو ناجائز طریقے سے کرانا شروع کر دیں اور پھر اس کے بعد آپ ان جگہوں کو raid کرنا شروع کر دیں۔ ہم investors کو protect کریں یا ان کو raid کرکے ڈرائیں ورنہ مافیا کے خلاف کوئی بھی کھڑا نہیں ہو گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر ایم۔فیصل واوڈا: جناب چیئرمین! ایک سیکنڈ ۔ تارڑ صاحب even last budget میں آپ لوگو ں کی مہربانی تھی۔ Last budget میں بھی Finance Ministry سے میں نے ہی ایک objection اٹھایا اور میں Finance Committee کا شکریہ ادا کرتا ہوں سب نے اس میں ساتھ دیا خاص طور پر سلیم مانڈوی والا صاحب نے۔ اس میں بھی شرمندگی حکومت کو ہو رہی تھی۔ آج ہمیں Chief نے SIFC کے platform سے سمجھا دیا ہے----

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ آپ نے اس پر بہت اچھی اور مفصل بات کی ہے۔ جی منسٹر صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر واوڈا اور سینیٹر قادر صاحب کا بہت شکریہ۔ اس معاملہ کی حد تک مجھے جو brief کیا گیا ہے ایک تو میں یہ وضاحت کر دوں کہ یہ صرف اور صرف field officers کے لیے ہیں جو کہ grade 17 and 18 سے ہوں گے اور ان کو calculate کر

کے اتنی ہی گاڑیاں خریدنے کی اجازت مانگی گئی ہے اور اس میں یہ بھی add کیا گیا ہے کہ ان گاڑیوں میں trackers بھی fit ہوں گے اور ان پر FBR کا logo بھی ہو گا۔ FBR کے لوگ background یہ بتاتے ہیں کہ جو ان کی sales tax collection کا سارا نظام ہے وہ بھی FBR کے پاس ہے۔ It was used to be with customs only but اب یہ ان کی Inland Revenue Service جو بنی اس میں آ گیا ہے اور اس میں وہ کہتے ہیں کہ value addition کے لیے جب تک آپ on spot جا کر inspections نہیں کرتے factories میں، units میں وہ ممکن نہیں ہوتا آپ کے لیے کہ آپ اس کو صحیح معنوں میں assess کر سکیں اور اس وجہ سے کہ یہ دفتروں میں بیٹھ کر یہ ساری کارروائی ہو جاتی ہے تو آپ کو بہت زیادہ shortfalls کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور tax evade ہوتا ہے۔

Sales tax کی مد میں محکمے کا analysis ہے اس میں تین ہزار ارب کا gap ہے جو کہ improve ہو سکتا ہے اگر محکمہ effort کرے۔ محکمہ یہ بھی کہتا ہے کہ پوری دنیا میں جو ترقی یافتہ ممالک ہیں وہاں پر جو tax collector department ہے جیسے ہمارے ہاں FBR ہے، جو board of revenues or revenue authorities ہیں وہ اپنی total tax collection کا 5% تک کا اپنے اخراجات یعنی کہ محکمے پر خرچ کرتے ہیں۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ پاکستان میں FBR جو ہے وہ 0.44 یعنی کہ آدھے فیصد سے بھی کم رقم جو ہے وہ اپنے استعمال میں لاتے ہیں جن میں ان کی تنخواہیں بھی شامل ہیں اور باقی بھی جو سارے محکمے کا نظام چلانے کا خرچہ ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اگر FBR دس ہزار ارب کے محاصل وصول کرتی ہے تو اس کا جو total budget ہے وہ 43 ارب روپے ہے۔ ہمسایہ ممالک میں بھارت وہ ایک فیصد سے زیادہ استعمال کرتے ہیں ان کا size بڑا ہے لیکن اس محاصل کے حساب سے وہ جو ارب روپوں میں جاتا ہے اور بہت سارے ممالک کی انہوں نے مثالیں دی ہیں۔

وہ کہتے ہیں کہ یہ گاڑیاں اس لیے ضروری تھیں Austerity committee سے اجازت اس لیے لی گئی اور وزیر اعظم صاحب مجھے خود معلوم ہے انہوں نے بہت resist کیا لیکن جب ان کے سامنے سارا proposal discuss کیا گیا اور تین meetings کے بعد انہیں convince کیا گیا کہ آپ اس کی اجازت دیں تاکہ ہمارے محاصل بہتر ہوں اور اس شرط پر کہ آپ

targets improve کریں گے، یہ کیا گیا۔ جیسے قادر صاحب نے بات کی کہ اگر ہم 1.5, 2ہزار کا shortfall جو ہے وہ ساڑھے تین چار ارب خرچ کرکے جن کی life-time تو نہیں لیکن پانچ سات سال utility ہے ان vehicles کی۔

دوسری اہم بات یہ تھی کہ وزیراعظم صاحب نے کہا کہ FBR نے یہ معاملہ اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے یعنی کہ جو ان کا allocated budget ہے 43ارب کا اس کے اندر رہتے ہوئے پورا کرنا ہے اور وہ آپس میں بچت کرکے اس طرف divert کریں گے جو ان کے دیگر اخراجات ہیں ان میں کمی لا کر تو وہ اس میں financial space بنائیں گے اور اسی وجہ سے انہوں نے ابھی تک کی جو payments کی ہیں وہ اپنی sources سے کی ہیں۔ اس کے لیے کوئی supplementary amount کسی grant کی شکل میں یا کسی اور صورت میں allocation نہیں ہو رہی۔ اب رہی بات کہ پہلے Toyota Corolla کو کہا گیا Yaris کے لیے اور پھر کہا گیا Honda کو ایک policy جو مجھے بتائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ جو ہمارے local manufacturers ہیں ان کو promote کیا جائے۔ دوسرا انہوں نے کہا کہ جو اجازت ہے ہمارے پاس وہ آپ نے بھی بات کر دی CC 1300 تک کی اور جو Toyota کی گاڑیاں ہیں وہ CC 1300 سے اوپر ہیں، 1328 یا معلوم نہیں کتنی ہیں اور یہ جو گاڑی انہوں نے کہا ہے Honda city ہے شاید یہ CC 1198 کی گاڑی ہے۔ اس کی قیمت 47 lac روپے ہے اس میں وہ value add کرکے دے رہے ہیں وہ navigation system اور وہ سارا جس سے گاڑیاں track ہوتی ہیں۔ وہ company complimentary ان کو دے رہی ہے اور PPRA میں ہم سب کو معلوم ہے کہ جہاں پر local manufacturing کی بات آئے اور vehicles کی خریداری کے لیے وہ open bidding کی بجائے جو transparency ہے PPRA کے rules ہیں وہ خود provide کرتے ہیں۔ اس کے لیے خاص طور پر انہوں نے جو reference دیا وہ alternative methods of procurement section 42 of PEPRA Act کا اس کے ''C'' کی clause 7 جو ہے for purchase of motor vehicles from local original manufacturers or their authorized agents at

پر ex-factory price کی manufacturing تو جو manufacturers price آپ negotiate کر کے لے سکتے ہیں۔

یہ وہ چند حقائق ہیں جو وہ دے کر گئے اور انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ہم field میں اپنی presence increase کرنا چاہتے ہیں اور جو ہمارے grade 17 and 18 کے officers ہیں ان کی یہ duty ہو گی کہ وہ manufacturing units کو خود examine کریں اور examination کے بعد sales tax کے حوالے سے جو value addition ہے یا even otherwise, ہمارے ہاں یہ مسائل ہیں کہ sales tax evasion کے بھی بہت زیادہ cases آتے ہیں، اسی لیے وہ اس gap کو 3 ہزار ارب تک کہہ رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اسے fill کرنے کی position میں ہیں اور اس کو جتنا کم کیا جا سکے اتنا بہتر ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک آپ کے محاصل بہتر نہیں ہوں گے باقی معاشی معاملات بہتر نہیں ہوں گے۔

جناب والا! یہ کچھ تفصیلات تھیں جو میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا تھا، I hope کہ یہ آپ کی information کے لیے کافی ہو گا۔ میں پھر ایک مرتبہ معذرت چاہوں گا کہ وزیر خزانہ کی اگر آج foreign delegation کے ساتھ commitment نہ ہوتی اور وہ بار بار کہہ رہے تھے کہ سینیٹر صاحب سے میری طرف سے معذرت کیجیے گا ورنہ وہ ان باتوں کا خود جواب دیتے۔ آپ Finance Committee کے بھی رکن ہیں، یہ بھی ان کی پیشکش ہے کہ اگر آپ مناسب سمجھیں، آپ جب چاہیں FBR کے نمائندے آ کر آپ کو further brief کر دیں گے کہ اس کا سارا background کیا تھا۔ with these explanations thank you.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: تارڑ صاحب آپ کا بہت شکریہ لیکن میری آپ سے چھوٹی سی گزارش ہو گی کہ 30th کو ہم نے Finance Committee کی meeting call کی ہے، knowingly that you are a very smart and intelligent man and I respect you a lot, آپ مدعے کو گاڑیوں کی طرف لے گئے۔ مدعے میں گاڑیوں سے پہلے تین چیزیں mind میں رکھی جائیں، ایک یہ کہ Honda ہی کیوں اور Toyota ہی کیوں؟ 660cc Suzuki Alto بھی تو گاڑی ہی ہے، purpose تو وہ بھی serve کر رہی

ہے، خزانے پر بھی کم بوجھ ہے، یہ تو کہیں نہیں لکھا ہوا کہ آپ Honda لیں گے یا Toyota لیں گے۔ اس کا مدعا یہ ہے کہ جس طریقے سے contract award کیا گیا، جس بے دردی سے اس کے اندر differences آئے۔ تیسری اس میں most important چیز یہ ہے کہ تارڑ صاحب! چیئرمین صاحب! جب یہ technical committee negotiate کر رہی تھی تو دو مہینے تک ان کو یہی نہیں پتا تھا کا 1328cc کون سی ہے 1307cc, 1316cc کون سی ہے اور 1300cc سے نیچے کون سی ہے۔ تو ہم نے ان کو کہا کہ آپ کابینہ میں واپس لے جائیں اور اس کو 1350cc کر دیں۔ میں نے جتنی companies کے نام لیے، وہ سب local manufactures ہیں، میں خود بھی اس کو appreciate کرتا ہوں کہ local manufactures کو benefit دینا چاہیے۔ تیسری اور آخری چیز جو آپ نے کہی کہ آپ کو Honda car بہت سارے incentives دے رہی ہے ، میں Honda کے خلاف نہیں ہوں، Honda جو آپ کو incentive دے رہی ہے، Toyota Yaris maintenance میں بھی کم ہے اگر میں گاڑیوں کی بات کر رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ calling attention ہے اس پر آپ بار بار بات نہیں کر سکتے۔ آپ کو بہت مفصل جواب ملا ہے۔

سینیٹر محمد فیصل واوڈا: جناب والا! ہم نے پیسے بچانے ہیں۔ اس میں Suzuki 660cc کو کیوں نہیں consider کرتے؟ اگر آپ کو ,Toyota میں صرف جوابی طور پر بات کر رہا ہوں کہ اگر وہ آپ کو engine capacity بڑی دے رہی ہے، resale بھی اس کی زیادہ ہے، maintenance بھی کم ہے fuel accelerated بھی ہے اور extra features میں 20 کروڑ روپے کے rims بھی دے رہی ہے، tracking system بھی دے رہی ہے، stereo system بھی دے رہی ہے، وغیرہ، وغیرہ۔ مجھے ایک بات بتائیں کہ اگر میں صرف تارڑ صاحب کی بات کو لے لوں Toyota and Honda کا comparison کر لوں تو آپ بتائیں کہ عام آدمی کو، کسی sensible آدمی کو کیا لگے گا کہ اگر مجھے ایک چیز سستی، معیاری، بہترین اور بہتر brand کے ساتھ مل رہی ہے تو میں اس کو لوں گا۔ میرا یہاں مدعا یہ ہے کہ غلط طریقے سے contract tailor-made award ہوا اور اس کی سزا کس پر متعین ہو گی؟ یہ

forgeryاس کی criminal negligenceجو کیا گیا ہے،اس میں warningsکے بعد، اس کی
کی، wrong contract designing کی اور tailor-made designing میں
causality کس کی ہو گی؟ آپ کہتے ہیں کہ آپ نے mistake کی ہے تو آپ کو price بھی
بھرنی پڑے گی؟ اس کے علاوہ گاڑیوں کا مدعا ,separate گاڑیوں کی خریدوفروخت کے اندر
discrepancyآ رہی وہ open and shut ہے۔

تارڑ صاحب! آپ revenue بڑھانے کی بات کر رہے ہیں ، آپ
multinationals کو same day پر raid کر رہے ہیں، آپ search warrants
نکال رہے ہیں. this is really a big insult for Pakistan.

جناب قائم مقام چیئرمین: اس پر بہت مفصل بات ہوئی لہٰذا calling attention
notice کو نمٹایا جاتا ہے۔ Order No. 12. رانا محمود الحسن صاحب کی طرف سے توجہ دلاؤ
نوٹس ہے۔ چوہدری احسن اقبال صاحب جو متعلقہ وزیر ہیں، انہوں نے میرے دفتر کو بتایا ہے کہ وہ
ملک سے باہر ہیں اس لیے انہوں نے گزارش کی ہے کہ اس کو مؤخر کیا جائے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: ٹھیک ہے اس کو مؤخر کر دیں۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں 2 منٹ
اس پر بات کرلوں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: کوئی فائدہ نہیں ہے۔ جب یہ مؤخر ہو گیا ہے تو اس پر بات نہیں
ہو سکتی۔ Order No.13۔ سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب Order No. 13 پیش کریں۔

**Amendments to the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, moved under Rule 278 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, wish to seek leave under sub-rule (4) of Rule 278 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, to move that in the said Rules following amendment to be made:-

a) In Rule 15,-

i. in sub-rule (1), the expression "including a member from FATA,' shall be omitted;
ii. in sub-rule (3), the words "including members from FATA" shall be omitted;

b) in Rule 16, in sub-rule (2), in the proviso, the expression "including a member from FATA', shall be omitted;
c) in Rule 171, in sub-rule (2), the expression "including members from FATA' shall be omitted; and
d) in Rule 172F, for the expression, "one from each Province," the words "at least one from each Province and" shall be substituted and the words "and the Federally Administered Tribal Areas" shall be omitted.

جناب والا! اس کی ضرورت اس لیے پیش آ رہی ہے کہ now FATA exist نہیں کرتا، وہ province میں merge ہو چکا ہے لیکن ہمارے بہت سے جو Rules ہیں، Rules of procedure میں ابھی تک FATA کا لفظ چلا آ رہا ہے تو اس کو substitute کرنے کے لیے ایک minor لیکن بہت ضروری amendment ہے جو ہمیں کرنی چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: دوست محمد صاحب۔

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت شکریہ۔ جس طرح FATA کے ساتھ related Articles under the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, کو omit کیا جا رہا ہے، اس کا اتنا بڑا تاریخی نقصان ہوا ہے کہ ہمارے FATA کے آٹھ سینیٹرز تھے، وہ بھی ختم ہو گئے۔ National Assembly میں FATA کی 12 seats تھیں وہ چھ رہ گئی ہیں۔ اسلام آباد میں بیٹھے ہوئے یا پشاور میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو tribal dynamics کا کچھ پتا نہیں ہے کہ FATA میں کیا ہو رہا ہے۔ میں نے

Standing Committee میں یہ سوال اٹھایا تھا جب وہاں پشاور سے ان کے افسران آئے تھے، میں نے کہا تھا کہ under Article 25 ہمیں guarantee دی گئی تھی NFC سے سالانہ 3%, 100 billion ملیں گے۔ آپ بتائیں کہ آج تک ہمیں کتنے پیسے ہمیں ملے ہیں؟ یہ ان کا official جواب ہے اور یہ میں آپ کو دے دوں گا۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ 700 billion ہماری Federal Government کی commitment تھی جبکہ اس کی جگہ 13 کروڑ 25 لاکھ روپے release ہوئے ہیں۔ عرفان صدیقی صاحب بہت محترم آدمی ہیں اور مسلم لیگ (ن) کے icon ہیں، اللہ کے واسطے اپنے ماسٹروں کے notice میں لائیں کہ FATA آپ سے جا رہا ہے، even KP میں، کل چارسدہ اور مردان میں طالبان گھوم رہے تھے اور لوگوں کے کاغذات check کر رہے تھے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: دوست محمد صاحب! آپ کو پتا ہے کہ آئین کے مطابق FATA خیبر پختونخوا میں merge ہو چکا ہے، اس پر بات نہیں ہو سکتی۔

سینیٹر دوست محمد خان: یہ غلط ہوا ہے۔ اگر پاکستان کو بچانا ہے تو یا تو اس کو reverse کر دیں یا ہمیں علیحدہ صوبہ دے دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب۔ آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: دوست محمد صاحب بہت محترم شخصیت ہیں، انہوں نے ہمیشہ قبائلی علاقہ جات کے لیے اور FATA کے لیے بہت مؤثر اقدام اٹھائے ہیں اور اب بھی جو ان کا concern ہے میں اس کو appreciate کرتا ہوں، میں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ ہم یہاں جو ترامیم کر رہے ہیں، یہ صرف سینیٹ کے قواعد سے تعلق رکھتی ہیں، سینیٹ کے اندر جو معاملات ہیں ان کا کوئی تعلق کسی جگہ، seat کے اضافے یا seat کی کمی سے نہیں ہے۔ جن معاملات کی طرف دوست محمد صاحب نے اشارہ کیا ہے، وہ آئینی معاملات ہیں، آئین کے تحت کچھ changes ہو چکی ہیں، seats کم ہو چکی ہیں، FATA merge ہو چکا ہے، اب merger کے بعد FATA کے جو issues ہیں ان کا کم از کم اس ترمیم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں ان کے جو concerns ہیں ان کی تائید کرتا ہوں اور جو بات انہوں نے کی ہے اس کو میں ان شاء اللہ وزیر

اعظم صاحب تک بھی پہنچاؤں گا کہ ان کے یہ مسائل ہیں۔ ان کو ہمدردانہ نقطہ نظر سے دیکھا جائے۔
جناب چیئرمین! میں پھر کہتا ہوں کہ یہ ترامیم ہمارے سینیٹ کے internal کارروائی سے ضروری ہو گئی ہیں۔ ان کا تعلق کسی بڑی آئینی یا قانونی ترمیم سے نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: Order No.14, سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب! پیش کریں۔

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, move that the proposed amendments in Rules 15, 16, 171 and 172F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, be taken into consideration and adopted.

جناب قائم مقام چیئرمین: رکن کی جانب سے تجویز کردہ ترامیم متعلقہ کمیٹی کے حوالے کی جاتی ہیں۔

(ترامیم کمیٹی کے حوالے کی گئیں)

جناب قائم مقام چیئرمین: موصول شدہ سوالات جو اس اجلاس کی موجودہ کارروائی میں شامل نہیں کیے جا سکے اجلاس برخاست ہونے پر ختم نہیں ہوں گے اور اگلے اجلاس کی کارروائی میں شامل ہوں گے۔

اب میں صدر مملکت کی جانب سے موصول شدہ برخواست کا حکم نامہ پڑھ کر سناتا ہوں۔
"دستور اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کے آئین کے Article 54 کی شق (1) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے میں آج مورخہ ۲۸ جنوری، ۲۰۲۵ بروز منگل سینیٹ کے اجلاس کی کارروائی کے اختتام پر اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے برخواست کرتا ہوں"۔

دستخط/--

(آصف علی زرداری)

صدر پاکستان

-------------

(ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی گئ)

-------------